http://e.tashakurnews.com
info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews
twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال
ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو ◉ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22
روزنامہ
تشکر کراچی
نیوز
چیف ایڈیٹر: علی منصور

جلد : 22 | 01 رجب المرجب 1446ھ منگل 31 دسمبر 2024ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 292



ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہے، وزیراعظم

قائد میاں محمد نواز شریف کو سیاست سے مائنس کرنے کی سازشیں ہوئی مگر اپنی سیاسی بصیرت اور عوام کی خاطر قربانی کے جذبے نے انہیں سرخرو کیا، شہباز شریف کا یوم تاسیس پر پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لئے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مسلم لیگ کے یوم تاسیس پر مبارکباد دی۔ انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ آل انڈیا مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے قائداعظم اور تحریک پاکستان کے دیگر رہنماؤں کی جدوجہد کے نتیجے میں ایک آزاد وطن پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک سو اٹھارہ سال پہلے مسلم لیگ کے قیام کے بعد مسلمانوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

رجب المرجب کا چاند کب نظر آئے گا، رویت ہلال حکام نے بتادیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رجب المرجب کا چاند نظر آنے کے حوالے سے رویت ہلال کے حکام نے وقت بتادیا۔ سیکریٹری جنرل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

300 سے زائد معصوم بچے جاں بحق

کرم گرینڈ جرگے کا فیصلہ کن راؤنڈ قریب

کرم ایجنسی (مانیٹرنگ ڈیسک) ضلع کرم میں امن وامان کے مشن پر کار فرما گرینڈ جرگے کی اگلی بیٹھک کل کمشنر کوہاٹ معتصم باللہ کی سربراہی میں ہوگی۔ جرگہ ممبران کے مطابق ایک فریق کی جانب سے 14 نکات پر مشتمل معاہدے پر دستخط ہوگئے ہیں جبکہ دوسرے فریق کے دستخط ہونا باقی ہیں، کل فائنل رانڈ میں اہم فیصلے متوقع ہیں۔ دوسرے فریق نے مشاورت کیلئے دو روز کی مہلت مانگی ہے، منگل کو دن گیارہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

بنگلہ دیش نے پاکستان سے بیلسٹک میزائل مانگ لیے

بھارت میں خوف و ہراس

اگر بنگلہ دیش انہیں پاکستان سے حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاتا ہے تو ابدالی ایس آر بی ایمز علاقائی سلامتی کی حرکیات کو یکسر تبدیل کر دیں گے اور جنوبی ایشیا میں اسٹریٹجک توازن کو تبدیل کر دیں گے، میزائل کی محدود رینج کے باوجود، بنگلہ دیش میں ان میزائلوں کی تعیناتی نفسیاتی روک تھام کے طور پر زیادہ کام کرسکتی ہے، دفاعی ماہرین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ بنگلہ دیش مبینہ طور پر پاکستان سے شارٹ رینج بیلسٹک میزائل حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے تاکہ ممکنہ بھارتی حملے کے خلاف اپنی دفاعی صلاحیتوں اور ڈیٹرنس کو مضبوط کیا جا سکے۔ دفاعی ویب سائٹ انڈین ڈیفنس ریسرچ ونگ کی رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیش نے پاکستان سے کم فاصلے پر ہدف کو نشانہ بنانے والا میزائل ابدالی خریدنے کے لیے رابطہ کیا ہے، جس کی رینج 400 کلومیٹر ہے، بظاہر بھارت کے حملے کے خلاف کارروائی کرنے کے لیے ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ممکنہ طور پر پاکستان دو اہم وجوہات کی بنا پر درخواست پر رضامند ہوسکتا ہے، پہلا ڈھاکہ کی حمایت کر کے اپنے علاقائی اثر و رسوخ کو بڑھانا جو کہ اس وقت نئی دہلی کے خلاف ہے، اور دوسرا کیونکہ ابدالی ایس آر بی ایمز کی فروخت سے دفاعی توازن میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نیو گوادر ائیرپورٹ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسٹیبلشمنٹ سے کوئی ڈیل نہیں کرنی، عمران خان

کوئی غیر ملک مجھے رہا کروا رہا

لال مسجد آپریشن کی طرح لاشیں دفنائی گئی، توشہ خانہ ٹو کیس توشہ خانہ کے پہلے کیس جیسا ہے، القادر یونیورسٹی کیس میں چھ تاریخ کو سزا سنائی جاتی ہے، القادر اور توشہ خانہ ٹو کیس عدالتوں میں ختم ہوجائیں گے، بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے عدلیہ کا مذاق بنایا گیا ہے، بانی نے کہا ہے کہ کسی کہنے پر ڈیل نہیں کروں گا میں ہر کیس لڑوں گا، علیمہ خان

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان کے سابق وزیر اعظم اور بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی بہن علیمہ خان کے مطابق سابق وزیراعظم کا کہنا ہے کہ نہ انہیں اسٹیبلشمنٹ سے کوئی ڈیل کرنی ہے نہ کوئی غیر ملک انہیں رہا کروا رہا ہے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا کہ لال مسجد آپریشن کی طرح لاشیں دفنائی گئی، توشہ خانہ ٹو کیس توشہ خانہ کے پہلے کیس جیسا ہے۔ علیمہ خان نے کہا کہ القادر یونیورسٹی کیس میں چھ تاریخ کو سزا سنائی جاتی ہے، القادر اور توشہ خانہ ٹو کیس عدالتوں میں ختم ہوجائیں گے۔ علیمہ خان نے بتایا کہ بانی پی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

کراچی: مذہبی جماعت کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں دیئے گئے دھرنے کی وجہ سے شدید ٹریفک جام کا منظر

سندھ رینجرز کی 2024ء کی کارکردگی کی رپورٹ جاری

پاکستان رینجرز سندھ کی جانب سے 2024 کی کارکردگی کی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ سندھ رینجرز کے ترجمان کے مطابق رینجرز نے 2024 میں مختلف آپریشن بھرپور طریقے سے انجام دیے اور اہداف حاصل کیے، رینجرز اور پولیس نے مشترکہ طور پر 102 آپریشنز دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان اور بھتہ خوری کے خلاف کیے۔ سندھ رینجرز کی رپورٹ کے مطابق رینجرز نے مختلف کارروائیوں کے دوران 142 ہائی پروفائل ملزمان کو گرفتار کیا، دہشت گردوں کے خلاف مجموعی طور پر 87 آپریشن کیے، جن میں 109 دہشت گردوں کو گرفتار کیا، بھتہ خوری کے خلاف مجموعی طور پر 14 آپریشنز کیے، 32 بھتہ خوروں کو گرفتار کیا، رینجرز اور پولیس نے اندرونِ سندھ 94 کارروائیوں کے دوران 197 ملزمان گرفتار کیے۔

سندھ حکومت نے ملزمان کے سر کی بھاری قیمت بھی مقرر کی تھی، ملزمان کے قبضے سے مختلف قسم کے 68 ہتھیار برآمد کیے گئے، ڈکیتی، اسٹریٹ کرائم، منشیات فروشی اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف 617 آپریشنز کیے، اسٹریٹ کرائم کے خلاف 210 آپریشن کیے اور 245 ڈکیتوں کو گرفتار کیا۔ سندھ رینجرز کے ترجمان کے مطابق منشیات فروشی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 332 منشیات فروش کو گرفتار کیا گیا، کراچی اور اندرون سندھ آپریشن کے دوران 103.6 ٹن منشیات برآمد کی گئی، رینجرز نے دفاعی نمائش آئیڈیاز، پی ایس ایل میں فول پروف سیکیورٹی فراہم کی۔ سندھ رینجرز کی رپورٹ کے مطابق رینجرز کی جانب سے غیر ملکی کرکٹ ٹیموں کے دورہ پاکستان پر بھی فول پروف سیکیورٹی فراہم کی گئی۔

پاکستان رینجرز کے ترجمان کے مطابق 2024 میں 1681495 لیٹر ایرانی تیل اور 45 گاڑیاں ضبط کیں اور 54 ملزمان گرفتار کیے، ضبط شدہ ایرانی تیل کی مالیت تقریباً 43 کروڑ روپے سے زائد ہے، سگریٹ، انڈین گٹکا، چھالیہ، کپڑا، ٹائرز اور دیگر نان کسٹم پیڈ اشیا بھی ملزمان سے برآمد کی گئیں، غیر قانونی 51 ہائیڈرنٹس کو ختم کر کے 21 واٹر ٹینکرز بھی قبضے میں لیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق رینجرز مددگار سیل میں متعدد شکایات موصول ہوئیں جن میں سے 65 کا ازالہ کیا گیا۔ پاکستان رینجرز کی رپورٹ کے مطابق سندھ رینجرز کے 7 جوان شہید اور 15 زخمی ہوئے۔

بلوچستان میں قومی شاہراہیں بند کرنے کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) حکومت بلوچستان نے سرکاری اسپتالوں کو پبلک پارٹنرشپ کے تحت چلانے کے اعلان کیخلاف گرینڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

کراچی سانحہ پاراچنار پر احتجاجی دھرنوں کا چوتھا روز

شہر میں شدید ٹریفک جام

ٹریفک پولیس نے شہریوں کو متبادل راستوں کی جانب رہنمائی فراہم کی ہے، جیسے کہ کورنگی انڈسٹریل ایریا اور کلفٹن سے ائیرپورٹ جانے والے افراد کے لیے سنگر چورنگی اور شاہ فیصل کالونی کا راستہ کھولا گیا ہے، ٹریفک ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پارا چنار میں ہونے والے حالیہ سانحے کے خلاف احتجاجی مظاہرے جاری ہیں۔ مذہبی جماعت کی جانب سے شہر کے دس مختلف مقامات پر دھرنے دیے جارہے ہیں، جن کی وجہ سے سڑکوں کی بندش اور ٹریفک کی روانی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

اہلسنّت والجماعت کا کراچی میں 60 مقامات پر آج منگل سے عوامی دھرنوں دینے کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اہلسنّت والجماعت نے علامہ مولانا محمد احمد لدھیانوی اور علامہ اورنگزیب فاروق کی ہدایت پر کراچی میں 60 مقامات پر آج منگل سے عوامی دھرنوں دینے کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان اہلسنت والجماعت کے مطابق دیئے جانے والے عوامی دھرنے لیاقت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)



کراچی، دفعہ 144 نافذ، ہوائی فائرنگ وآتش بازی پر پابندی، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں سال نو کے موقع پر ہوائی فائرنگ اور آتش بازی پر پابندی ہوگی۔ کمشنر کراچی نے شہر بھر میں دو روز کیلئے دفعہ 144 کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق نئے سال کے موقع پر ہوائی فائرنگ اور آتش بازی پر پابندی ہوگی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)



صدر مملکت کی 6 بینکوں کو فراڈ متاثرین کو تقریباً ڈھائی کروڑ واپس کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر آصف زرداری کی جانب سے بینک فراڈ کے 31 متاثرین کو ریلیف کی فراہمی کیلیے 6 بینکوں کو 2.4136 کروڑ روپے واپس کرنیکی ہدایت کی گئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی علی خورشیدی کراچی کے مسائل پر برس پڑے

کراچی میں لوگ بے شمار مسائل کا شکار ہیں، کراچی والے خراب انفرااسٹرکچر سے پریشان ہیں، کراچی میں سڑکیں ہی نہیں، پانی کی کمی بھی ہے، لگتا ہے کراچی کے مسائل کو جان بوجھ کر بڑھایا گیا، ریڈلائن سے جڑے بہت سے کام ہیں جو ابھی شروع ہی نہیں ہوئے، صفورا چورنگی جانے والوں کو مشکلات کا سامنا ہے، نیوز کانفرنس

کراچی (رپورٹ فراز حسین) اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی علی خورشیدی کراچی کے مسائل سے متعلق سندھ حکومت پر برس پڑے، کہا کہ کراچی والے خراب انفرااسٹرکچر سے پریشان ہیں۔ کراچی میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی نے کہا کہ کراچی میں لوگ بے شمار مسائل کا شکار ہیں، کراچی والے خراب انفرااسٹرکچر سے پریشان ہیں، کراچی میں سڑکیں ہی نہیں، پانی کی کمی بھی ہے۔ علی خورشیدی نے کہا کہ لگتا ہے کراچی کے مسائل کو جان بوجھ کر بڑھایا گیا ہے، ریڈلائن سے جڑے بہت سے کام ہیں جو ابھی شروع ہی نہیں ہوئے، پہلوان گوٹھ، صفورا چورنگی جانے والوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی نے کہا کہ کراچی کے شہری کرب اور عذاب کی زندگی گزار رہے ہیں، کراچی کے عوام کے ٹیکس کے پیسے کا بیدریغ استعمال کیا گیا، ریڈلائن منصوبہ لوگوں کے لیے عذاب بن گیا ہے۔ علی خورشیدی نے کہا کہ وزیر ٹرانسپورٹ اور میئر کراچی معافی مانگیں، جامعہ کراچی میں پورے شہر سے طالب علم آتے ہیں سب پریشان ہیں، ریڈلائن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

نئے سال کی شروعات سے پیٹرول کی قیمت میں کمی اور ڈیزل مہنگا ہونے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میں یکم جنوری سے پیٹرول کی قیمت میں دو روپے کی لیکن ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں تین روپے سے زائد اضافے کا امکان ہے۔ بین الاقوامی منڈی میں طلب اور رسد کا کوئی مسئلہ نہیں، تاہم مشرق وسطی اور شام کی صورتحال سے متعلق نئی امریکی قیادت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

تاجروں کا قومی معیشت میں اہم کردار ہے، یوسف رضا گیلانی

لاہور (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ تاجروں کا قومی معیشت میں اہم کردار ہے۔ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کرتا رہوں گا، تاجروں کا قومی معیشت میں اہم کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تاجروں کے مسائل حل کرنے کے لیے پرعزم ہے، پاکستان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

انتہائی خوف کے باعث نیتن یاہو کا زیرِ زمین آپریشن، پروسٹیٹ نکال دیا گیا

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی وزیر اعظم بن یامین نیتن یاہو کا آپریشن کر کے پروسٹیٹ نکال دیا گیا ہے۔ اسرائیلی وزیر اعظم کی سرجری اسپتال کے کئی منزلہ زیرِ زمین وارڈ میں ہوئی۔ انتہائی خوف کی وجہ سے نیتن یاہو کا زیرِ زمین آپریشن کرنا پڑا۔ اسرائیلی وزیرِ اعظم کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

سڑکیں کلیئر کردیں نہیں توسڑکیں بند کرنے والوں کیساتھ سختی سے نمٹیں گے، کراچی پولیس چیف

کراچی (رپورٹ عامر صابر) پولیس چیف جاوید عالم اوڈھو نے کہا ہے کہ شہر میں آج رات تک دھرنے ختم نہ ہوئے تو قانون کے مطابق سڑکیں خالی کرائیں گے۔ ایکسپریس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

سنی علما کونسل پاکستان نے

کرم ایجنسی پاڑہ چنار میں بلاتفریق آپریشن کا مطالبہ کردیا

پاڑہ چنار میں ہونے والی قتل وغارت کے تانے بانے ایران وانڈیا سے ملتے ہیں کرم میں اہل سنت کی اکثریتی آبادی پر حملے کیے جارہے ہیں گھروں بازاروں کونقصان

پہنچایا جارہا ہے بے گناہ شہریوں کوقتل کرکے ان کے سروں کی نمائش کی جاتی ہے اہل سنت گھروں پرحملہ کرکے مردوں کوشہید کیا جارہا ہے، پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک میں جاری اہل تشیع کے دھرنے 24 گھنٹوں میں ختم نہ کرائے گئے تو پھر ہم بھی 24 گھنٹوں کے بعد کراچی میں طے شدہ مقامات پر سے دھرنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی نے اپنی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کردی ہے۔ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے ترجمان وافسر تعلقات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

2024ء کراچی میں ڈیڑھ ہزار بچوں کی اوپن ہارٹ سرجریز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں قائم دل کے اسپتال این آئی سی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

کراچی: گھر میں فائرنگ سے 18 سالہ لڑکی جاں بحق

واقعے سے متعلق ملے شواہد اور اہلخانہ کے بیانات میں تضاد ہے، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے نیو کراچی میں سیکٹر الیون ایل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

سال2024 پاکستان اسٹاک ایکس چینج کیلئے ایک یادگار سال رہا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سال 2024 پاکستان اسٹاک ایکسچینج کیلئے ایک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

واقعہ کرم میں ہوا ہے لیکن

کراچی کے شہریوں کو مشکل میں ڈالا ہوا ہے

مرتضیٰ وہاب

کمشنر کراچی اور ایڈیشنل آئی جی نے نمائش پر ایم ڈبلیوایم کے رہنماؤں سے بات کی ہے لیکن وہ بات سننے کو تیار ہی نہیں ہیں،

سندھ حکومت بات چیت سے معاملہ حل کرنا چاہتی ہے، سڑکیں بند کرنے سے ٹارگٹ پورا نہیں ہوتا، میئر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ واقعہ کرم میں ہوا ہے لیکن کراچی کے شہریوں کو مشکل میں ڈالا ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے خصوصی گفتگو میں کہا کہ واقعہ کرم میں ہوا ہے وہاں صوبے میں ایم ڈبلیو ایم کی اتحادی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی: سنی علماء کونسل کے رہنما مولانا محمد احمد لدھیانوی پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

وزیر اعلیٰ سندھ

مراد علی شاہ کا سیف سٹی آفس ڈی ایچ اے کا اچانک دورہ

پہلے مرحلے میں پانچ اور اگلے دومہینوں میں باقی وہیکلز بھی کراچی کی سڑکوں پر ہونی چاہئیں، کراچی میں 2025 تک

سیف سٹی پروجیکٹ کومکمل کیا جائے، سید مراد علی شاہ کی سیف سٹی اتھارٹی کوکراچی میں بھرپور کام کرنے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ ترجمان کے مطابق وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے اچانک سیف سٹی آفس ڈی ایچ اے کا دورہ کیا۔ ترجمان کے مطابق اس دورے میں وزیرداخلہ ضیا الحسن لنجار بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ تھے، مراد علی شاہ نے ایمرجنسی ریسپانس وہیکلز کا جائزہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

سال 2024 معیشت سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوسکیں، معاشی ماہرین

پائیدار ترقی کیلئے حکومت کوسیاسی استحکام اور سائبر سیکیورٹی ریگولیشنز میں توازن قائم کرنا ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) 2024 پاکستان کی معیشت کے لئے تبدیلی کا سال ثابت ہوا، معیشت قدرے بحالی کی جانب گامزن ہوئی لیکن وابستہ توقعات پوری نہ ہوسکیں، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی: انسداد دہشتگردی عدالت نے کالعدم جماعت کے دومبینہ کارکنوں کو بری کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کی انسداد دہشتگردی عدالت نے ٹیرر فنانسنگ کیس میں کالعدم جماعت کے دومبینہ کارکنوں کے کیس کا فیصلہ سنادیا، عدالت نے عدم شواہد پر ملزمان سجاد حسین اور ذاکر حسین کو بری کر دیا۔ ملزمان کے وکیل عابد زمان ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ ملزمان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

کراچی، نئے سال کی خوشی میں ہوائی فائرنگ پر اقدام قتل کا پرچہ ہوگا

کوشش ہوگی ایسے شخص کی ضمانت نہ ہو اور لائسنس بھی منسوخ کرائیں گے، ایڈیشنل آئی جی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے کہا ہے کہ نیوایئر پر ہوائی فائرنگ کرنے والوں کیخلاف اقدام قتل کا پرچہ درج کریں گے۔ جاوید عالم اوڈھو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

رواں سال 2024 میں نو سال کے بعد ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رواں سال 2024 میں نو سال کے بعد ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی روپے کی قدر گزشتہ ایک دہائی سے مسلسل گر رہی ہے تاہم سال 2024 میں روپے کی قدر مجموعی طور پر مستحکم رہی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

سرکاری اسکیم میں دھوکے سے کمپنی نے لاکھوں ٹن کلینکر منگوا کر اربوں کمالیے

اس کیس میں 2 ارب 40 کروڑ کا میگا ای ایف ایس اسکینڈل بے نقاب ہوا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سرکاری اسکیم میں دھوکے سے کمپنی نے لاکھوں ٹن کلینکر منگوا کر اربوں کمالیے تاہم کوئٹہ میں قائم ممتاز سیمنٹ یونٹ کا اربوں کا یہ ٹیکس فراڈ پکڑ لیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

دھرنے کے خاتمے سے متعلق کراچی پولیس چیف کا بیان، ترجمان کی وضاحت سامنے آ گئی

پولیس چیف جاوید عالم اوڈھو کا دھرنے ختم کروانے کا سوشل میڈیا پر زیرگردش حکم درست نہیں

اوران کے بیان کو دھرنوں کے خاتمے سے جوڑنا بیبنیاد اور غلط فہمی کا شاخسانہ ہے، ترجمان

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) پولیس چیف جاوید عالم اوڈھو نے کہا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

ملک میں بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے واقعات میں خطرناک حدتک اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک میں بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے واقعات میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ سسٹین ایبل سوشل ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن نے پاکستان کے 4 صوبوں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

یخ بستہ ہواؤں کے باعث کراچی میں سردی کی لہر برقرار

آئندہ 24 گھنٹوں میں 5 سے 20 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چلنے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان سے چلنے والی یخ بستہ ہواں کے باعث کراچی میں بھی سردی کی لہر برقرار ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ شہر قائد میں پیر کو کم سے کم درجہ حرارت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی: پولیس نے اسکول پر قبضے کی کوشش ناکام بنادی، خواتین سمیت 10 افراد گرفتار

اسکول میں زبردستی داخل ہونے والے افراد نے سیکیورٹی گارڈز سے

اسلحہ بھی چھین لیا، رقم اور قیمتی سامان غائب کردیا گیا، سیکیورٹی سپروائزر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے گلستان جوہر بلاک 17 (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

ملک کے 26 اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) این ای اوسی نے ملک کے 26 اضلاع میں ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق کی ہے۔ ان اضلاع میں حیدرآباد، جیکب آباد، جامشورو، قمبر، کراچی کے مختلف علاقے جیسے کراچی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

پاکستان اور یو اے ای کے تعلقات باہمی اعتماد اور احترام پر مبنی ہیں، مریم نواز

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات باہمی اعتماد اور احترام پر مبنی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

یونان کشتی حادثہ ایف آئی اے کے اہلکاروں کو انکوائری میں شامل ہونیکی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے یونان میں کشتی ڈوبنے سے پاکستانیوں کی ہلاکتوں کے معاملے پر ایف آئی اے کے اہلکاروں کو انکوائری میں شامل ہونے کی ہدایت کرتے ہوئے درخواست (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

کراچی: اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی علی خورشیدی پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

لاڑکانہ: بالیاں چوری کرنے کیلئے نانی کو قتل کرنیوالا نواسہ گرفتار

قتل کے بعد ملزم نے اپنی نانی کی لاش قریبی جنگل میں پھینک دی تھی، ایس ایس پی لاڑکانہ

لاڑکانہ (اسٹاف رپورٹر) لاڑکانہ میں 10 روز قبل خاتون کے قتل میں ملوث نواسے کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایس ایس پی لاڑکانہ کے مطابق نواسے نے 10 روز قبل نانی کو بالیاں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

کراچی میں سرد موسم کی شدت بڑھتے ہی بچوں میں خسرہ پھیلنے لگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں سرد موسم کی شدت بڑھتے ہی خسرہ نے بچوں کو لپیٹ میں لینا شروع کردیا، طبی ماہرین کے مطابق خسرہ کی علامات میں نزلہ، بخار، کھانسی، آنکھوں میں سرخی، اور جلد پر دانے نمودار ہونا شامل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار سے آئی جی سندھ کی ملاقات

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار سے آئی جی سندھ کی ملاقات۔ صوبائی سطح پر امن وامان کی صورتحال سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی: مجلس وحدت المسلمین کے مرکزی رہنما علامہ حسن ظفر نقوی پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

تاجروں نے سال 2024 کو ملکی تاریخ کا بدترین سال قرار دیدیا

حکومت سندھ کی بدترین کارکردگی کا تسلسل گذشتہ سالوں کی طرح برقرار رہا، حکومت سندھ اوراس کے ماتحت کسی بھی ادارے نے کسی بھی شعبے میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کیا، عتیق میر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چھوٹے تاجروں نے سال 2024 کو کاروبار اور مہنگائی کے لحاظ سے ملکی تاریخ کا بدترین سال قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تقویمی سال 2024 میں تجارتی سرگرمیاں 30 فیصد تک محدود رہیں، غیریقینی صورتحال سے مقامی مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کا اعتماد اٹھ گیا اور سرمائے کی بیرون ملک منتقلی کے رجحان میں اضافہ ہوا، مسلسل بڑھتی ہوئی ناقابل برداشت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

کراچی: آئی جی سندھ غلام نبی میمن سے وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار ملاقات کررہے ہیں

انسانی اسمگلروں کی سہولت کاری کا الزام

ایف آئی اے کے 38 افسران کو شوکاز جاری

افسران کو لیبیا کے مشکوک سفر کے رجحان کی اطلاع دینا چاہیے تھی، ان افسران کے خلاف انکوائری رپورٹ میں

ایف آئی اے نے سخت سزاں کی سفارش کی گئی جس میں برطرفیاں بھی شامل ہیں، شوکاز نوٹس میں افسران کی سرزنش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے نے محکمے کے اڑتیس افسران کو شوکاز اور سماعت کے نوٹسز جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

نمائش چورنگی پر مجلس وحدت مسلمین کی پریس کانفرنس، ملک گیر احتجاج جاری رکھنے کا اعلان

ملک میں دہشت گردی کے واقعات بڑھ رہے ہیں اور حکمرانوں کی ناکام

پالیسیوں کی وجہ سے عوام مشکلات کا شکار ہیں، علامہ حسن ظفر نقوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مجلس وحدت مسلمین کے رہنماؤں نے نمائش چورنگی پر جاری مرکزی دھرنے کے ساتویں دن پریس کانفرنس کی۔ اس موقع پر علامہ حسن ظفر نقوی، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

اسرائیل کے چند گھنٹوں میں 3 اسپتالوں پر حملے

جمعہ کو کمال عدوان اسپتال کو آگ لگا کر صیہونی فوج نے اسپتال ڈائریکٹر اور عملے سمیت سیکڑوں افراد کو

قیدی بنالیا تھا، عالمی امدادی اداروں نے ڈاکٹر حسام ابوصفیہ کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے، عالمی میڈیا کی رپورٹس

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل کے چند گھنٹوں کے دوران غزہ سٹی کے تین اسپتالوں پر حملے، الوفا اسپتال پر حملے میں متعدد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

تحریک انصاف کا مشاورت کے بعد 2 مطالبات حکومت کے سامنے رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور حکومت کے درمیان مذاکرات کے معاملے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تحریک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

کراچی، عمارت کی پانچویں منزل پر آگ لگ گئی، آگ سے کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں عمارت کی پانچویں منزل پر اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ ترجمان ریسکیو 1122 کے مطابق کراچی کے علاقے برنس روڈ میں مدینہ مسجد کے قریب عمارت کی پانچویں منزل پر آگ لگ گئی۔ اطلاع ملتے ہی فائر اینڈ ریسکیو ٹیم، ایمبولینس اور فائر فائر بریگیڈ موقع پر پہنچ گئے۔ فائر اینڈ ریسکیو اور فائر بریگیڈ کے اہلکاروں نے آگ پر قابو پانے کے لیے آپریشن کیا۔

لیبیا کشتی حادثہ، انسانی اسمگلر گرفتار، 17 پاسپورٹ برآمد

ملزم رانا اشفاق احمد کے قبضے سے 17 پاکستانی پاسپورٹ برآمد ہوئے ہیں جو

ملزم نے نوجوانوں کو یورپی ممالک اسمگل کرنے کے لیے ان سے لیے تھے

لاہور (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے فیصل آباد نے کارروائی کے دوران لیبیا کشتی حادثے سے منسلک انسانی اسمگلر گرفتار کرکے 17 پاسپورٹ برآمد کرلیے ہیں۔ وفاقی تحقیقاتی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

خرم شیر زمان کی انتخابی عذرداری کی دوسرے ٹریبونل منتقلی کیخلاف درخواست پر حکم امتناع میں توسیع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے خرم شیر زمان کی انتخابی عذرداری کی دوسرے ٹریبونل منتقلی کے خلاف درخواست پر حکم امتناع میں توسیع کردی ہے۔ سندھ ہائی کورٹ میں خرم شیر زمان کی انتخابی عذرداری کی دوسرے ٹریبونل منتقلی کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ رکن قومی اسمبلی مرزا اختیار بیگ کی روسٹر پر بولنے کی کوشش جس پر عدالت نے ان پر اظہار برہمی کیا۔

2024ء میں تاریخی ریکارڈ، فی تولہ سونے کی قیمت میں 63ہزار روپے کا اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) 2024 کے دوران پاکستان میں فی تولہ سونے کی قیمت میں 63 ہزار 100 روپے کا اضافہ ہوا۔ چیئرمین آل پاکستان جیولرز مینوفیکچررز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

سندھ اور پنجاب میں دھند کے باعث حادثات میں 20 افراد جاں بحق، 31 زخمی

ضلع نوشہرو فیروز میں مورو کے مقام پر شدید دھند کے باعث وین اور ٹرالر میں تصادم

ہوگیا، جس کے نتیجے میں ابتدائی طور پر سات افراد جاں بحق ہوگئے، ریسکیو ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ اور پنجاب میں ہوئے مختلف ٹریفک حادثات نے 20 افراد کی جان لے لی، جبکہ 31 افراد زخمی ہیں پنجاب کے ضلع اٹک میں موٹروے ایم 14 (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

مدرسہ رجسٹریشن آرڈیننس کو قومی اسمبلی سے جلد از جلد منظور کیا جائے، اسلامی نظریاتی کونسل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈاکٹر راغب نعیمی کا کہنا ہے کہ سوسائٹی ایکٹ میں ترمیم اور مدرسہ رجسٹریشن آرڈیننس کا اجرا خوش آئند ہے، اب ڈی جی آر ای میں رجسٹرڈ مدارس کو قانونی حیثیت مل گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مدرسہ کی رجسٹریشن پر ہونے والے اختلافات کوختم اسی طرح کیا جاسکتا تھا، نئے اور پرانے بورڈ کے مدارس جس بھی ادارے میں رجسٹریشن کروانا چاہیں انہیں آزادی ہے۔

بلدیہ عظمیٰ کراچی میں گریڈ 17 کے افسران کی گاڑیوں کے لیے پیٹرول کی فراہمی روک دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ عظمیٰ کراچی میں گریڈ 17 کے افسران اور تعیناتی کے لیے منتظر افسران کی گاڑیوں کے لیے پیٹرول کی فراہمی روک دی گئی ہے اوراس سلسلے میں ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے جو بلدیہ عظمیٰ کراچی کے فیلڈ آفیسرز کی تصدیق کرے گی اور کمیٹی کی رپورٹ کی روشنی میں مزید فیصلہ کیا جائے گا، بلدیہ عظمیٰ کراچی کے محکمہ جاتی سربراہان سے کہا گیا ہے کہ وہ اس کمیٹی کیساتھ رابطہ کریں۔

کراچی سے گداگری کیلئے سعودی عرب جانے کی کوشش، 2 ہندو خواتین زیر حراست

ملزمہ ایشا دیوی اس سے قبل بھی سعودی عرب بھیک مانگنے میں ملوث رہی ہے،

ملزمہ کو کچھ عرصے قبل سعودی عرب پولیس نے بھیک مانگنے پر گرفتار کیا تھا، ایف آئی اے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی سے گداگری کے لیے وزٹ ویزے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی میں ہیئر سلون پر ڈکیتی کی فوٹیج سامنے آ گئی

دونوں ملزمان نے مل کر تمام افراد سے موبائل، کیش اور دیگر قیمتی سامان لوٹا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے گلشن حدید فیز 2 کے ہیئر سلون پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

اے این ایف کا ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

لاہور میں کوریئر آفس میں دو کارروائیوں میں پارسلز سے 525 گرام وزنی 620

نشہ آور ایکسٹیسی گولیاں برآمد، پارسلز لکی مروت سے بہاولپور اور لاہور بھیجے جانے تھے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اے این ایف کا ملک کے مختلف شہروں میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

مدارس رجسٹریشن ایکٹ کیلئے فضل الرحمٰن کی کوششیں قابلِ احترام ہیں، مفتی تقی عثمانی

پوری قوم جے یو آئی کے کارکنان اور مدارس مبارکباد کے مستحق ہیں، وزیرِ اعظم

اور وفاقی کابینہ نے بھی مثبت کردار ادا کیا جو قابل تحسین ہے، کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر اتحاد تنظیمات المدارس دینیہ پاکستان مفتی تقی عثمانی نے مدارس رجسٹریشن ایکٹ پر ردعمل دے دیا۔ ایک بیان میں مفتی تقی عثمانی نے کہا ہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

کراچی: برنس روڈ کے علاقے میں مدینہ مسجد کے اطراف بلڈنگ میں لگنے والی آگ پر 1122 کے اہلکار قابو پانے کی کوشش کررہے ہیں، دوسری جانب خاکستر ہوا سامان

کراچی: اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے ملک بھر میں کی گئی مختلف کارروائیوں کے نتیجے میں گرفتار ملزمان اور برآمد کی گئی منشیات کی بھاری کھیپ

روزنامہ
تشکر کراچی
نیوز
چیف ایڈیٹر: علی منصور

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور ریذیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

افغانستان سے دراندازی کی کوششیں، پاکستان کا بھرپور جواب

افغانستان میں قائم طالبان کی عبوری حکومت معاملات کو سدھارنے کی بجائے بگاڑنے کی طرف مائل دکھائی دیتی ہے۔ اس کی جانب سے جس طرح دہشت گرد تنظیموں اور گروہوں کو کھل کھیلنے کی اجازت دی جارہی ہے اس کی وجہ سے صرف افغانستان کے ہمسایوں کے لیے ہی مسائل پیدا نہیں ہوں گے بلکہ افغانستان بھی مسلسل غیر مستحکم رہے گا۔ پاکستان نے بارہا افغان عبوری حکومت سے فتنہ الخوارج کو پاکستان کے خلاف اپنی سرزمین استعمال کرنے سے روکنے کا کہا لیکن اس فتنے اور اس کے دہشت گردوں پر قابو پانے کی بجائے افغان طالبان مسلسل ان کی حمایت اور معاونت کر رہے ہیں۔ یہ دہشت گرد افغانستان میں پوری آزادی کے ساتھ موجود ہیں اور پاکستان مخالف دہشت گرد سرگرمیوں کے لیے افغان سرزمین کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں جو پاکستان کے لیے کسی بھی صورت میں قابلِ قبول نہیں ہے۔ افغان عبوری حکومت نے جن دہشت گردوں کو ڈھیل دی ہوئی ہے انھوں نے 27 اور 28 دسمبر کی رات افغان طالبان کی بارڈر پوسٹوں کا استعمال کرتے ہوئے کرم اور شمالی وزیرستان میں دو مقامات سے پاکستان میں دراندازی کی کوشش کی۔ پاکستانی سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی۔ 28 دسمبر کو علی الصبح دہشت گردوں نے دوبارہ افغان طالبان کی پوسٹوں کو استعمال کرتے ہوئے پاکستان میں دراندازی کی کوشش کی جس کی ناکامی پر دہشت گردوں اور افغان طالبان نے مل کر پاکستانی پوسٹوں پر بلا اشتعال بھاری ہتھیاروں سے فائر کھول دیا۔ پاکستانی سکیورٹی فورسز نے اس بلا اشتعال فائرنگ کا بھرپور اور منہ توڑ جواب دیا۔ دونوں واقعات میں پاکستان کی طرف سے جو بھرپور جواب دیا گیا اس کے نتیجے میں شرپسندی کی کوشش کرنے والوں کو بھاری نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔ موثر جوابی فائرنگ سے پندرہ سے زائد دہشت گردوں اور افغان طالبان کے ہلاک اور متعدد کے زخمی ہونے کی مصدقہ اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ موثر جوابی کارروائی اور گولا باری سے افغان طالبان چھے پوسٹیں چھوڑ کر بھی بھاگ گئے۔ اطلاعات کے مطابق، جوابی کارروائی میں ہونے والا نقصان بڑھنے کا امکان ہے۔ مذکورہ واقعات میں پاکستان سکیورٹی فورسز کے ایک اہلکار کے شہید اور تین کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔

دوسری جانب، ترجمان افغان وزارتِ دفاع عنایت اللہ خوارزمی نے دعوی کیا ہے کہ طالبان فورسز نے پکتیا میں فضائی حملوں کے جواب میں ہفتے کو پاکستان میں کئی اہداف کو نشانہ بنایا۔ پاکستان کا نام لیے بغیر ان کا کہنا تھا کہ فرضی سرحدی لائن (ڈیورنڈ لائن) کے پار حملے کیے گئے، ملک کی جنوب مشرقی سمت میں متعدد اہداف کو نشانہ بنایا۔ سرحد کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں عنایت اللہ خوارزمی نے کہا کہ وہ اسے پاکستان کا علاقہ تصور نہیں کرتے، لہذا وہ نشانہ بنانے والے علاقے کی تصدیق نہیں کر سکتے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بہرحال مذکورہ علاقہ فرضی سرحد کے پار واقع ہے۔ افغان ذرائع ابلاغ یہ دعوے کر رہے ہیں کہ جمعے اور ہفتے کی درمیانی رات دونوں ملکوں کی افواج کے درمیان لڑائی کئی گھنٹے جاری رہی جس کے نتیجے میں دونوں جانب کا جانی نقصان ہوا۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) اور وزارتِ خارجہ نے افغان طالبان کے دعوے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔

افغان وزارتِ دفاع کے ترجمان نے اپنے بیان میں پکتیا میں ہونے والے جن فضائی حملوں کا حوالہ دیا وہ پاکستان نے کیے تھے اور ان حملوں کے بارے میں اپنے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے پاکستانی دفتر خارجہ نے کہا تھا کہ اپنے شہریوں کو دہشت گردوں سے بچانے کے لیے بارڈر ایریا میں آپریشن کیا۔ دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان میں مزید کہا گیا تھا کہ پاکستان اپنے لوگوں کی سکیورٹی کے لیے پرعزم ہے۔ بارڈر ایریا میں آپریشن کا مقصد پاکستانی شہریوں کو کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور دیگر دہشت گردوں سے بچانا ہے اور یہ آپریشن انٹیلی جنس بنیادوں پر کیا جاتا ہے۔ بیان میں یہ بات بھی واضح کی گئی تھی کہ پاکستان افغانستان کی خودمختاری کی عزت کرتا ہے۔ حملوں کے بعد نمائندہ خصوصی برائے افغانستان صادق خان نے کابل میں افغان وزیر داخلہ، وزیر خارجہ، نائب وزیر اعظم اور دیگر لوگوں سے ملاقاتیں بھی کیں جن میں سکیورٹی صورتحال، بارڈر مینجمنٹ اور تجارت پر بات چیت کی گئی۔ علاوہ ازیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کو وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ افغانستان ہمارا ہمسایہ اور برادر ملک ہے جس کے ساتھ ہماری ہزاروں کلومیٹر لمبی سرحد ہے۔ اس کے ساتھ تعلقات بہتر بنانا، معاشی تعاون، تجارت کا فروغ اور تعاون کو وسعت دینا ہماری خواہش ہے لیکن یہ بدقسمتی ہے کہ خوارج آج بھی وہاں سے آپریٹ کر رہی ہے اور پاکستان میں ہمارے بے گناہ لوگوں کو شہید کر رہی ہے، یہ پالیسی نہیں چل سکتی۔ افغان حکومت کو ایک سے زائد مرتبہ اچھے تعلقات قائم کرنے کا پیغام دیا ہے لیکن خوارج کا ناطقہ مکمل طور پر بند کرنا ہوگا، انھیں کسی صورت پاکستان کے بے گناہ عوام کو شہید کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے، یہ ہمارے لیے ریڈ لائن ہے۔

ایس ایچ او غلام رسول ارباب کی سربراہی میں منشیات فروشوں کیخلاف بہترین کارروائیاں جاری

کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی سینٹرل ذیشان شفیق صدیقی کے احکامات ایس ایچ او غلام رسول ارباب کی سربراہی میں پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف بہترین کارروائیاں جاری۔ ایس ایس پی سینٹرل ذیشان شفیق صدیقی صاحب کے احکامات پر تھانہ نیو کراچی انڈسٹریل ایریا پولیس کی منشیات فروش کے خلاف کاروائی بمقام ڈبل PMT والی گلی خمیسہ گوٹھ کچی آبادی سیکٹر 5F نیو کراچی گرفتار ملزم شناخت . 1 ذاکر ابرو ولد احمد بخش ابڑو برآمد چرس وزنی 510 گرام برآمد۔ ملزم کے خلاف مقدمہ الزام نمبر 765/2024 درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ ملزم کا سابقہ ریکارڈ چیک کیا جارہا ہے۔

[redacted]

شوبز نیوز
تشکر

پاکستانی شوبز کے دلکش جوڑے، 2024ء کی سب سے مشہور شادیاں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سال 2024 پاکستانی شوبز انڈسٹری کے لیے شادیوں کے حوالے سے ایک یادگار سال ثابت ہوا۔ کئی مشہور شخصیات نے زندگی کے نئے سفر کا آغاز کیا، اور ان کی تقریبات نے نہ صرف مداحوں کے دل جیتے بلکہ سوشل میڈیا پر بھی دھوم مچادی۔ آئیں، ان یادگار شوبز شادیوں پر ایک نظر ڈالیں جنھوں نے سال 2024 میں خبروں اور سوشل میڈیا پر دھوم مچائی۔ ایمن سلیم کی شادی 2023 کے آخر میں کامران ملک سے ہوئی، لیکن ان کی ریسپشن یکم جنوری 2024 کو ہوئی۔ ان کی شادی کی تقاریب میں ان کے دلکش لباس اور اسٹائل نے مداحوں کو خوب متاثر کیا۔ جنوری 2024 میں اداکارہ ثنا جاوید نے کرکٹر شعیب ملک سے شادی کا اعلان کیا۔ ان کی خفیہ شادی مداحوں کے لیے حیرانی کا باعث بنی، اور اس کے بعد ان کی شادی سوشل میڈیا پر بھرپور بحث کا موضوع بن گئی۔ فروری 2024 میں عرشہ رضا نے عبداللہ فرخ سے نکاح کے تین سال بعد باضابطہ شادی کی۔ ان کی شادی کی تصاویر نے مداحوں کے دل موہ لیے اور کئی دنوں تک سوشل میڈیا پر چرچے ہوتے رہے۔ اداکارہ مدیحہ رضوی نے اپریل 2024 میں جنید علی پرویز سے دوسری شادی کی۔ ان کی پہلی شادی حسن نعمان سے ہوئی تھی، جس سے ان کی دو بیٹیاں ہیں۔ مدیحہ نے اپنے نئے سفر کا اعلان فیس بک پر ایک خوبصورت نکاح تصویر کے ساتھ کیا۔ جون 2024 میں فیروز خان نے ڈاکٹر زینب سے اپنی دوسری شادی کا اعلان کیا۔ یہ تقریب خاندان کے قریبی افراد کے درمیان منعقد ہوئی، اور فیروز نے اپنی بیوی کے ساتھ ایک دلکش تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کی۔ انوشے اشرف نے جون 2024 میں اپنے قریبی دوست شہاب رضا مرزا سے نکاح کیا۔ ان کی شادی کی خاص بات یہ

قائد کے شہر سے
تشکر کراچی نیوز

سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن
کا کراچی یونیورسٹی میں
غیرقانونی ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز کی تحقیقات کا آغاز

کسی بھی شعبے میں ایم فل یا پی ایچ ڈی پروگرامز صرف اسی فیلڈ کے ماہرین کے ذریعے کرائے جاسکتے ہیں، تاہم ان پروگرامز کی نگرانی ایسے پروفیسرز کر رہے ہیں جن کا تعلق متعلقہ شعبوں سے نہیں ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایس ایچ ای سی) نے کراچی یونیورسٹی میں مبینہ غیر قانونی اور قواعد کے خلاف ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز کی تحقیقات کا اعلان کیا ہے۔ ان پروگرامز کو خلاف ضابطہ قرار دیتے ہوئے معاملے کی مکمل چھان بین کے لیے تین سینئر تعلیمی ماہرین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ یہ فیصلہ سندھ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے حکم پر کیا گیا، جس نے سیکریٹری سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن کو ان پروگرامز کی جانچ پڑتال کرنے کی ہدایت دی تھی۔ تحقیقات کے دوران چیئرمین وفاقی ہائر ایجوکیشن کمیشن، وائس چانسلر کراچی یونیورسٹی، اور دیگر متعلقہ افراد سے وضاحت طلب کی گئی ہے۔ تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ کراچی یونیورسٹی کے *ہیلتھ، فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس سائنسز ڈپارٹمنٹ میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے *فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس سائنسز اور *فزیکل تھراپی میں ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز چلائے جا رہے ہیں۔ قوانین کے مطابق، کسی بھی شعبے میں ایم فل یا پی ایچ ڈی پروگرامز صرف اسی فیلڈ کے ماہرین کے ذریعے کرائے جا سکتے ہیں، تاہم ان پروگرامز کی نگرانی ایسے پروفیسرز کر رہے ہیں جن کا تعلق متعلقہ شعبوں سے نہیں ہے۔ ڈپارٹمنٹ کے سربراہ ڈاکٹر باسط انصاری نے فزیالوجی میں پی ایچ ڈی کی ہوئی ہے، جبکہ ان کے ٹیم ممبران پروفیسر شاہ علی القدر (کیمیکل بائیوکیمسٹری)، پروفیسر انیلا ملک امبر (سائیکولوجی)، اور پروفیسر حارث شعیب (فارماسیوٹیکل) سے تعلق رکھتے ہیں۔ فزیکل تھراپی کے ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز بھی ڈاکٹر باسط انصاری کی سربراہی میں چل رہے ہیں، جہاں ان کے ساتھ ڈاکٹر صدف اور ڈاکٹر فیضان مرزا کام کر رہے ہیں، جو فزیالوجی میں پی ایچ ڈی ہیں۔ سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن کا کہنا ہے کہ تحقیقات شفاف طریقے سے مکمل کی جائیں گی، اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ کمیٹی نے تمام فریقین سے جلد از جلد جواب دینے کی ہدایت کی ہے تاکہ اصل حقائق سامنے آ سکیں۔ یہ معاملہ اعلیٰ تعلیمی معیار کے تحفظ اور قانون کی پاسداری کے حوالے سے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوسکتا ہے۔

UNIVERSITY OF KARACHI
UNIVERSITY OF KARACHI

ہمیں اپنے شہر کے لوگوں کو ریلیف دینا ہوگا، کمشنر کراچی سید حسن نقوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی کی پارہ چنار میں ہونے والے ہلاکتوں کے بعد شہر قائد میں ہونے والے احتجاج کے حوالے سے اہم ڈبلیو ایم کی قیادت، مولانا ثاقب، آئی جی پولیس سندھ، تمام ڈی سیز، ایس ایس پیز اور دیگر افسران سے ملاقات کی کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے احتجاجی دھرنے کا دورہ بھی کیا اور اس موقع پر احتجاج کو ختم کرنے کی درخواست کی کمشنر کراچی نے شہر قائد کے امن کے حوالے سے صرف اس بات پر زور دیا کہ عوام کو مشکلات ہو رہی جس بنا پر ان احتجاج کو موخر کیا جائے۔ کراچی ایک پرامن لوگوں کا شہر ہے جس کے باسی ماضی میں بہت اذیت اور کرب سے گزریں ہیں ہمیں اپنے شہر کے لوگوں کو ریلیف دینا ہوگا۔

ایس ایچ او اتحاد ٹاؤن ایاز خان نے تین رکنی ڈکیت گینگ دبوچ لیا، اسلحہ موبائل فونز اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (رپورٹ جمیل کوہستانی) ضلع کیماڑی تھانہ اتحاد ٹاؤن پولیس کی خفیہ اطلاع پر کامیاب کارروائی۔ اتحاد ٹاؤن وملحقہ علاقوں میں سرگرم تین رکنی ڈکیت گینگ گرفتار۔ ایس ایس پی کیماڑی۔ ملزمان کے قبضے سے دو عدد غیر قانونی پستول برآمد کر لئے گئے۔ کیپٹن (ر) فیضان علی۔ ملزمان کے قبضے سے وارداتوں میں چھینے گئے 6 عدد موبائل فون اور ایک مسروقہ موٹر سائیکل بھی برآمد ہوا۔ ملزمان کے قبضے سے برآمدہ موٹر سائیکل تھانہ اقبال مارکیٹ کے مقدمہ 377/24 بجرم دفعہ 381A کی سرقہ شدہ ہے۔ گرفتار ملزمان کی شناخت -1 اعجاز، -2 عبدالصمد اور -3 باسط کے ناموں سے ہوئی۔ ملزمان کو ایس ایچ او تھانہ اتحاد ٹاؤن انسپکٹر ایاز خان کی سربراہی میں پولیس پارٹی نے کارروائی کرتے ہوئے گرفتار کیا۔ ملزمان نے دو روز قبل اتحاد ٹاؤن آفریدی چوک کے پاس واقع بلاکوں کے تھلے پر واردات کرتے ہوئے چار افراد سے کیش اور موبائل فون چھینے تھے۔ مزکورہ بالا وارادات کا مقدمہ 638/24 بجرم دفعہ 397/34 ت پ تھانہ اتحاد ٹاؤن میں درج کیا گیا تھا۔ جبکہ ملزمان نے اسکے علاوہ بھی اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

تاجر برادری کی درخواست پر سیکٹر کمانڈر سچل رینجرز سندھ بریگیڈیر کبیر احمد کا حیدری مارکیٹ کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل لیاقت آباد و حیدری جولرز ایسوسی ایشن کے صدر سید فراز احمد آل حیدری بزنس ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر محمد عاصم وٹیم آل سٹی تاجر اتحاد کے نائب صدر ال حیدری بزنس ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے سابق صدر سید محمد سعید کی درخواست پر سیکٹر کمانڈر سچل رینجرز سندھ بریگیڈیر کبیر احمد نے حیدری مارکیٹ کا دورہ کیا ان کے ہمراہ ونگ کمانڈر 40 ونگز کرنل معظم بمہ افسران، SSP ڈسٹرکٹ سینٹرل ذیشان صدیقی، ٹاؤن چیئرمین نارتھ ناظم آباد عاطف علی خان، اسسٹنٹ کمشنر نارتھ ناظم آباد محمد عمیر، واٹر اینڈ سیوریج بورڈ نارتھ ناظم اباد کے شاہ رخ، کراچی الیکٹرک نارتھ ناظم اباد حیدری ائی بی سی کے ڈی جی ایم عقیل، سوئی گیس ڈیپارٹمنٹ کے افسران، کے ایم سی اینٹی اکروچمنٹ سیل کے ڈائریکٹر صائم ڈپٹی ڈائریکٹر احسن صاحب ڈپٹی کمشنر کے فوکل پرسن محمد ظہیر الدین نارتھ ناظم اباد ٹاؤن انکروچمنٹ سیل کے ڈپٹی ڈائریکٹر فیصل پٹنی، DSP نارتھ ناظم آباد، SHO تھانہ حیدری مارکیٹ جناب ندیم حیدر بمہ افسران اور SO ٹریفک سلمان صاحب موجود تھے۔ سیکٹر کمانڈر محمد کبیر احمد کا استقبال نارتھ ناظم اباد اسسٹنٹ کمشنر محمد عمیر احمد نارتھ ناظم اباد ٹاؤن چیئرمین عاطف علی خان ال حیدری بزنس ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر محمد عاصم بمہ ٹیم اور حیدری و لیاقت آباد جیولرز کے صدر سید فراز احمد وٹیم ال لیاقت اباد حیدری زرگران کے چیئرمین جناب سید مبشر احمد ال حیدری بزنس ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے مینیجنگ کمیٹی کے چیئرمین اکرم حسین ال حیدری بزنس ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن ایگزیکٹو ممبر ریاض احمد ال حیدری بزنس ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے سابق صدر ال سٹی تاجر اتحاد کے نائب صدر سید محمد سعید لیاقت اباد و حیدری جولرز ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو ممبر نظام الدین ال پاکستان جیمز اینڈ ٹولز ایسوسی ایشن سندھ کے چیئرمین ذاکر راجہ نے پھولوں کے گلدستوں کے ساتھ کی۔ سیکٹر کمانڈر محمد کبیر احمد نے سب کے ساتھ حیدری مارکیٹ کا تفصیلی دورہ کیا۔



مختلف علاقوں سے چوری وچھینی گئی قیمتی گاڑیاں برآمدگی کے بعد اصل مالکان کے سپرد

کراچی (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے اینٹی وھیکل لفٹنگ سیل، شریف آباد میں کراچی کے مختلف علاقوں سے چوری وچھینی گئی قیمتی گاڑیوں کی برآمدگی کے بعد اصل مالکان کے سپرد کرنے کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب میں ڈی آئی جی سی آئی اے، ایس ایس پی اے وی ایل سی و پولیس کے دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ پولیس چیف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے وی ایل سی نے کراچی کے مختلف علاقوں سے تین ماہ کے دوران چوری اور چھینی گئی گاڑیوں میں سے 138 کاریں اور 503 موٹر سائیکلز ملک کے مختلف شہروں سے برآمد کی ہیں جو کہ ان کے اصل مالکان کے حوالے کی جا رہی ہیں۔ پولیس چیف نے ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور شاباش دیتے ہوئے اچھی کارکردگی کے حامل پولیس افسران کو انعامات دیئے جانے کا اعلان کیا اور مستقبل میں بھی اچھی کارکردگی دکھانے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں پولیس چیف نے گاڑیوں کے مالکان کو انکی برآمدہ گاڑیوں کی چابیاں دیں اور مبارک باد پیش کی۔ اس موقع پر شہریوں نے پولیس چیف کا گاڑیوں کی واپسی پر شکریہ ادا کیا اور اے وی ایل سی کی کارکردگی کو بھی سراہا۔

Vehicle Lifting
Karachi.
rvised
BY

Vehicle Lifting Cell,
Karachi.
BY

Supervised
BY
RAHIM SHERA

کسی بھی قوم میں نوجوان طبقہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، ناصر حسین شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کسی بھی قوم میں نوجوان طبقہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور مستقبل کے لئے نوجوانوں کی صحیح سمت رہنمائی ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے' پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ نوجوان ہیں جو ملک کے بہتر مستقبل کی ضمانت ہیں۔ نوجوانوں کو تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع کی بلاامتیاز فراہمی پیپلز پارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ سندھ کے ہمارے نوجوان کسی صورت کسی سے کم نہیں بات صرف مواقع ملنے کی ہے' ان خیالات کا اظہار سینئر صوبائی وزیر توانائی سید ناصر حسین شاہ نے کراچی میں اپنی رہائش گاہ پر سماجی کارکن ومیڈیا کوآرڈینیٹر سندھ پیرامیڈیکل اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن، سول اسپتال یونٹ کے افضال احمد، بوراپیر ہارڈ ویئر مارکیٹ کے نوجوان تاجر رہنما شاہ فیصل سے ملاقات میں کیا' اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سلیم مہر بھی موجود تھے۔ ناصر حسین شاہ کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نوجوانوں کی اعلیٰ اور پیشہ ورانہ تعلیم کے ساتھ ان کے روشن مستقبل کے لئے خاطر خواہ اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس سلسلے میں جدید طرز تعلیم کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے نوجوانوں کے لئے بہتر مواقع فراہم کئے جائیں گے۔



پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کے فی لیٹر پر 60 روپے کے حساب سے لیوی 50 فیصد کم کی جائے، منعم ظفر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے سال نو کے موقع پر پیٹرول کی قیمت میں 2 روپے کی کمی کو عوام کے ساتھ بھونڈا مذاق قرار دیتے ہوئے حکومت سے کہا کہ جب عالمی مارکیٹ میں پیٹرول کی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے تو حکومت فوراً اضافہ کردیتی ہے لیکن جب عالمی حالات کی وجہ سے کمی واقع ہوتی ہے تو حکومت اس کا براہ راست فائدہ عوام کو نہیں پہنچاتی۔ منعم ظفر خان نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ پیٹرول کی قیمت میں 2 روپے کے بجائے 50 فیصد کمی کا اعلان کیا جائے، اخباری اطلاعات کے مطابق عوام سے 808 ارب پیٹرولیم لیوی کی وصولی کا انکشاف ہوا جس میں پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کے فی لیٹر پر 60 روپے کے حساب سے لیوی عائد ہے اور یہ وصولی جنوری سے ستمبر کے دوران کی گئیں، 2024 کے دوران پیٹرولیم لیوی کی مد میں ریکارڈ 808 ارب 14 کروڑ روپے کی وصولیوں کا انکشاف ہوا ہے اور سال کے اختتام تک پیٹرولیم لیوی کا بوجھ مزید بڑھ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکمران ٹولے نے اس قرض کو اپنی شاہ خرچیوں اور عیاشیوں پر لٹایا، ملک کے بچے بچے کو ان قرضوں میں جکڑ دیا۔ آج بھی ہمیشہ کی طرح حکمرانوں کے بجائے ساری قربانیاں عوام سے لی جا رہی ہیں۔ بجلی، گیس، پیٹرول سمیت ہر چیز مہنگی کردی گئی ہے حکمرانوں کو عیاشیوں اور شاہ خرچیوں کے بجائے عوام کو ریلیف دینی چاہیئے۔ عوام کو ریلیف دینے کے نعرے لگانے والی حکومت غریبوں اور تنخواہ دار طبقے سے جینے کا حق بھی چھین لینا چاہتی ہے، بجلی و گیس کے بھاری بلوں اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث عوام کے لیے گھریلو اخراجات پورے کرنے ناممکن ہوتے جا رہے ہیں۔ حکومت عوام کو اگر ریلیف دینا چاہتی ہے تو فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں معقول کمی کا اعلان کرے۔

مشق "امن"

عالمی سمندری استحکام میں پاکستان کا کردار

تحریر: اقصی کنول

بین الاقوامی تجارت اور اقتصادی تعاون کے فروغ سے دنیا بھر میں سمندروں کی اہمیت روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔ عالمی معیشت کا انحصار سمندری راستوں پر ہے، جہاں سے روزانہ کی بنیاد پر اربوں ڈالر کی تجارت ہوتی ہے، اور ان راستوں کی حفاظت اور استحکام عالمی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ یہ سمندری راستے نہ صرف عالمی تجارت کے لیے اہمیت کے حامل ہیں بلکہ جنگی حکمت عملی اور علاقائی امن کے لیے بھی کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ اسی تناظر میں پاکستان نیوی کی مشق "امن" نے عالمی سطح پر اپنی اہمیت منوائی ہے۔ پاکستان نیوی کی جانب سے ہر دو سال بعد اس مشق کا انعقاد اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر سمندری سلامتی کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اس میں مثبت کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ سال 2025 میں پہلی مرتبہ "امن ڈائیلاگ" بھی اس مشق کے ساتھ منعقد کیا جا رہا ہے، جو عالمی سطح پر مختلف ممالک کی بحری افواج کو مل بیٹھ کر سمندری چیلنجز پر بات کرنے کا ایک منفرد موقع فراہم کرے گا۔

بحر ہند کے علاقے میں پاکستان نیوی کی مشق "امن" کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے اس خطے کے مخصوص چیلنجز کو جاننا ضروری ہے۔ اس خطے کا شمار دنیا کے اہم ترین سمندری راستوں میں ہوتا ہے۔ یہاں سے گزرنے والی بین الاقوامی تجارت کی مالیت کھربوں ڈالرز میں ہے، جن میں سے بیشتر راستے پاکستان کے قریب ترین ہیں۔ بحر ہند کے ذریعے عالمی توانائی کی منتقلی بھی ہوتی ہے، جس میں تیل اور قدرتی گیس کی ترسیل شامل ہے۔ اس کے علاوہ، بحر ہند میں اسٹریٹجک اہمیت رکھنے والے کئی ممالک موجود ہیں جن کے درمیان جغرافیائی اور سیاسی تنازعات بھی پائے جاتے ہیں۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی کے اثرات بھی بحر ہند کی سلامتی پر مرتب ہوتے ہیں۔ بحر ہند میں موجود اس غیر یقینی جیوسٹریٹیجک ماحول اور بڑھتے ہوئے روایتی اور غیر روایتی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک طاقتور بحری فورس اور خطے میں امن واستحکام کی فضا برقرار رکھنے کیلئے امن اقدامات نہایت ضروری ہیں۔ پاکستان کی جغرافیائی حیثیت کی وجہ سے بحر ہند میں اس کا کردار مزید اہمیت اختیار کرتا ہے۔ کراچی، گوادر اور دیگر پاکستانی بندرگاہیں عالمی تجارتی اور فوجی حکمت عملی کے لحاظ سے کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔ اس پس منظر میں، پاکستان نیوی کی مشق "امن" نہ صرف ملک کی دفاعی صلاحیتوں کو اجاگر کرتی ہے بلکہ عالمی سطح پر سمندری سلامتی کے حوالے سے پاکستان کے عزم کو بھی ظاہر کرتی ہے۔ مشق "امن" کا آغاز 2007 میں کیا گیا تھا، اور اس کے بعد سے یہ مشق باقاعدگی سے ہر دو سال بعد منعقد کی جاتی رہی ہے۔ اس کا مقصد مختلف ممالک کی بحری افواج کے درمیان تعاون کو فروغ دینا اور عالمی سمندری سلامتی کی پالیسیوں پر بات چیت کرنا ہے۔ اس مشق میں پاکستان کے علاوہ متعدد ممالک کی بحری افواج بھی شرکت کرتی ہیں، جن میں امریکہ، چین، سعودی عرب، ترکیہ، ملائیشیا اور کئی دیگر ممالک شامل ہوتے ہیں۔ "امن" کا مقصد صرف جنگی مشقیں کرنا نہیں بلکہ سمندری سیکیورٹی، انسداد دہشت گردی، منشیات کی اسمگلنگ، سمندری قزاقی، ماحولیاتی تحفظ، اور قدرتی آفات کے دوران تعاون جیسے امور پر بھی تبادلہ خیال کرنا ہے۔ مشق کے دوران شریک ممالک کی بحری افواج مشترکہ آپریشنز کرتی ہیں، جس سے نہ صرف فوجی صلاحیتوں کا مظاہرہ ہوتا ہے بلکہ عالمی سطح پر بحری تعاون کو بھی فروغ ملتا ہے۔

سال 2025 میں امن مشق کے ساتھ ایک نیا عنصر "امن ڈائیلاگ" شامل کیا جا رہا ہے۔ یہ ڈائیلاگ مختلف ممالک کے بحری حکام، ماہرین اور تجزیہ کاروں کو ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا جہاں وہ سمندری سلامتی کے حوالے سے اپنے خیالات، چیلنجز اور انکے حل پیش کریں گے۔ یہ ڈائیلاگ پہلی بار ہو رہا ہے، اور اس کا مقصد عالمی سطح پر سمندری سلامتی پر بات چیت کو فروغ دینا ہے۔ "امن ڈائیلاگ" میں حصہ لینے والے ممالک کے نمائندوں کی مختلف موضوعات پر گفتگو، جیسے کہ بحر ہند میں امن قائم رکھنا، قزاقی کی روک تھام، غیر قانونی ماہی گیری، ماحولیاتی تحفظ اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ یہ ڈائیلاگ پاکستان نیوی کے عالمی سمندری تعاون کے فروغ کے لیے عزم کو ظاہر کرتا ہے اور عالمی سطح پر سمندری چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ پاکستان نیوی کی مشق امن اور اس کے ساتھ ہونے والا "امن ڈائیلاگ" خطے میں سمندری سلامتی کے حوالے سے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوں گے۔ یہ مشق عالمی بحری افواج کو ایک دوسرے کے ساتھ تعاون بڑھانے، اپنے تجربات شیئر کرنے اور سمندری چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید حکمت عملی تیار کرنے کا موقع فراہم کرے گی۔ پاکستان نیوی کے یہ اقدامات نہ صرف اس کے دفاعی عزم کو ظاہر کرتے ہیں بلکہ عالمی سطح پر امن اور استحکام کے قیام کی کوششوں کا حصہ ہونے کے ساتھ ساتھ بحر ہند میں پاکستان کی اسٹریٹجک اہمیت کو بھی اجاگر کرتے ہیں۔ ان کے ذریعے عالمی سطح پر امن اور استحکام کا قیام عمل میں لانے میں مدد ملے گی، جو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

پاکستان اور ترکیہ دو ملک ایک قوم کی حیثیت رکھتے ہیں، قونصلیٹ جنرل جمال سانگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان رائٹرز اینڈ تھنکرز فورم کے زیر اہتمام ترکیہ کی جمہوریہ کے 101 سالگرہ کی تقریب کا انعقاد مقامی ہوٹل میں کیا گیا۔ جس میں ترکیہ کے قونصلیٹ جنرل جمال سانگو، واحد اصغری) فرسٹ قونصل ایران (ایچ ای روسلان، ایم پروکروف) نائب قونصل جنرل روس (فضل کریم دادا بھائی) اعزازی قونصل جنرل (نے شرکت کی۔ ترکیہ کے قونصلیٹ جنرل جمال سانگو نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہمارا رشتہ سمندروں سے گہرا اور K2 سے اونچا ہے، پاکستان اور ترکیہ دو ملک ایک قوم کی حیثیت رکھتے ہیں، ہماری محبت لفظوں کی محتاج نہیں ہے، پاکستان کی ہر خوشی ہماری خوشی اور ہر غم ہمارا غم ہے اس کا اظہار لفظوں میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک برے وقت میں ہمیشہ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں، مصیبت میں گھرے اپنے بہن بھائیوں کیلئے ہمدردی، محبت اور یکجہتی کے جذبات دونوں ممالک کے آپس کے تعلقات کی ایک لازوال داستان کی عکاسی کرتے ہیں۔ ترکیہ پاکستان میں تعلیم سمیت دیگر شعبوں میں تعاون فراہم کر رہا ہے۔ قونصل جنرل جمال سانگو نے پاکستان رائٹرز اینڈ تھینکرز فورم کے چیئرمین ڈاکٹر رشید جمال کا دونوں اقوام کی مشترکہ میراث کے تحفظ اور فروغ کے لیے ان کی کوششوں پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ پاکستان رائٹرز اینڈ تھنکرز فورم کے چیئرمین ڈاکٹر رشید جمال نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ترکیہ اور پاکستان کے ساتھ ہمارے تعلقات بہت قدیم، درینہ اور مضبوط ہیں۔ ہمارا رشتہ مشترکہ ثقافتی، مذہبی اور روحانی ورثے سے جڑا ہوا ہے جو کہ وقت کی حدود، جغرافیہ اور سیاست سے بالاتر ہے۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مثالی برادرانہ تعلقات ہیں دونوں ممالک کے درمیان تمام شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے میں دونوں ممالک کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ترک قوم کی عظیم رہنما غازی مصطفیٰ کمال اتاترک کی قیادت میں آزادی کی جدوجہد جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی صورت میں کامیاب ہوئی۔ اور اب صدر طیب اردوان کی قیادت میں ترکیہ کی معاشی ترقی اور باہمی امن و خوشحالی کے اہداف کے حصول میں عالمی سطح پر پزیرائی ملی ہے۔ جبکہ پروفیسر ڈاکٹر جعفر احمد، پروفیسر ڈاکٹر شائستہ تبسم، بیرسٹر شاہدہ حسن اور فاروق افضل نے پاکستان ترکیہ کے تاریخی اور ثقافتی تعلقات کو اجاگر کیا۔

MR. CEMAL SANGU
Honourable Consulate General of Turkiye
Hosted by
Mr. Shaukat Ali Jilani, Convene. FPCCI
2024 at Karachi Club Annex
Organized by
Pakistan Writers and thinker forum

Shaukat Ali Jilani, Convene. FPCCI
Karachi Club Annexe
writers and thinker forum

بقیہ روزنامہ تشکر 1

کے نئے اور آزاد وطن کی خواہش کو مہمیز ملی، اور مسلسل جدوجہد سے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک علیحدہ اور آزاد وطن نصیب ہوا، بانیان پاکستان کے ویژن کو سامنے رکھتے ہوئے ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لئے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہے۔ محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) قائد میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کی تعمیر و ترقی کیلئے گزشتہ ساڑھے تین دہائیوں سے مصروف عمل ہے، تاریخ گواہ ہے کہ مسلم لیگ (ن) اور قائد میاں محمد نواز شریف نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کرتے ہوئے عوامی فلاح کو ترجیح دی۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پارٹی کارکنان اور سیاسی اکابرین کے شکرگزار ہیں جن کے ساتھ کی بدولت پارٹی نے آمروں کے سامنے نعرہ حق بلند کیا، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں مگر پاکستان کے وسیع تر مفاد میں انتشار اور عوام کو تقسیم کرنے کی سیاست نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ قائد میاں محمد نواز شریف کو سیاست سے مائنس کرنے کی سازشیں ہوئی مگر اپنی سیاسی بصیرت اور عوام کی خاطر قربانی کے جذبے نے انہیں سرخرو کیا، مسلم لیگ ن کے ادوار میں ملک میں صنعت، زراعت اور معیشت کی ترقی ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ سفارتی سطح پر دوست ممالک سے تعلقات بہتر ہوئے اور عام آدمی خوشحال ہوا، آج بھی مسلم لیگ ن عوامی امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے اپنے قائد کی سرپرستی میں ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے مصروف عمل ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مزید کہا کہ اللہ کے کرم اور عوام کی حمایت سے پاکستان کی تعمیر و ترقی کیلئے یونہی محنت جاری رکھیں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

بجے ضلع کرم امن گرینڈ جرگے کا فیصلہ کن راؤنڈ ہوگا۔ جرگہ ممبران کا کہنا ہے کہ معاہدے پر جلد از جلد دستخط ہماری کوشش ہے، مگر تمام فریقین کی رضا مندی بھی ضروری ہے، تمام جرگہ ممبران اس بات پر متفق ہیں کہ جلد از جلد باہمی مشاورت سے معاہدے پر دستخط ہوں۔ جرگہ ممبران نے کہا کہ ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ ضلع کرم میں اس وقت قیامت صغریٰ برپا ہے، تین سو سے زائد معصوم بچے ادویات نہ ہونے کی وجہ سے جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، علاقے میں نہ ایندھن ہے نہ کھانے پینے کی اشیا اور نہ ہی ادویات ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

رویت ہلال ریسرچ کونسل خالد اعجاز مفتی نے بتایا کہ 29 جمادی الثانی بروز بدھ یکم جنوری 2025 کی شام موسم صاف ہونے پر ہلال کی رویت بہ آسانی ہو جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ یکم رجب المرجب جمعرات 2 جنوری کو ہوگی۔ نیا چاند منگل 31 دسمبر 2024 کو پاکستانی وقت کے مطابق قبل از صبح 3 بج کر 27 منٹ پر پیدا ہوگا اور 29 جمادی الثانی یعنی بدھ یکم جنوری 2025 کی شام غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر جو کم از کم 19 گھنٹوں سے زائد ہونی چاہیے، وہ پاکستان کے تمام علاقوں میں 37 گھنٹوں سے بھی زائد ہو چکی ہوگی۔ دوسری جانب غروب شمس اور غروب قمر کے درمیان فرق جو کم از کم 40 منٹ ہونا چاہیے، وہ گلگت اور مظفر آباد میں 80 منٹ، چارسدہ، پشاور، راولپنڈی اور لاہور میں 81 منٹ، کوئٹہ میں 83 منٹ جب کہ سب سے زیادہ کراچی اور جیوانی میں 85 منٹ ہوگا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پاکستان کے جس علاقے میں بھی مطلع صاف ہوگا، وہاں بدھ یکم جنوری کی شام ہلال کی رویت بہ آسانی ممکن ہوگی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

کوئی خاص تبدیلی نہیں آئے گی پاکستان کے خلاف کیونکہ ان میزائلوں کی رینج کم ہے، اور یہ صرف حقیقت پسندانہ اور ممکنہ طور پر بھارت کے خلاف استعمال کیے جا سکتے ہیں، جس کے ساتھ بنگلہ دیش کی طویل سرحد ہے۔ تاہم رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ڈھاکہ کی درخواست پر عمل درآمد کرنے کے لئے اسلام آباد کو عالمی ہتھیاروں کے کنٹرول کے نظاموں، جیسے میزائل ٹیکنالوجی کنٹرول ریجیم کو احتیاط سے نیویگیٹ کرنا ہوگا، جو بالآخر حتمی فیصلے پر اثر انداز ہو سکتا ہے، حالانکہ کوئی بھی ملک ایم ٹی سی آر ملک ایسا نہیں ہے۔ ماہرین کے مطابق کم فاصلے پر مار کرنے والے میزائل ابدالی جسے پاکستانی فوج میں حتف II بھی کہا جاتا ہے، بھارت کی شمال مشرقی ریاستوں کے لیے ایک اہم خطرہ بن سکتا ہے، کیونکہ اگرچہ ٹیکٹیکل بیلسٹک میزائل، جو میدان جنگ میں استعمال کے لیے بنایا گیا ہے، محدود رینج رکھتا ہے، شمال مشرقی ہندوستان کے بڑے شہروں تک پہنچنے کے لیے کافی فاصلہ طے کر سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ابدالی میزائل سسٹم جسے پاکستان کے اسپیس ریسرچ کمیشن (سپارکو) نے تیار کیا ہے، میدان جنگ میں فوری ردعمل کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے اور اس طرح کے حالات میں پاک فوج کو ایک حکمت عملی فراہم کرتا ہے۔ دفاعی ماہرین کا خیال ہے کہ اگر بنگلہ دیش انہیں پاکستان سے حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو ابدال ایس آر بی ایمز علاقائی سلامتی کی حرکیات کو یکسر تبدیل کر دیں گے اور جنوبی ایشیا میں اسٹریٹجک توازن کو تبدیل کر دیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ میزائل کی محدود رینج کے باوجود، بنگلہ دیش میں ان میزائلوں کی تعیناتی نفسیاتی روک تھام کے طور پر زیادہ کام کر سکتی ہے۔ کچھ ماہرین کا دعوی ہے کہ بنگلہ دیش کا بیلسٹک میزائلوں کا حصول ہتھیاروں کی دوڑ کو شروع کر سکتا ہے، جس سے بھارت اپنے میزائل دفاع کو مزید بڑھانے اور مزید جارحانہ صلاحیتوں کو تعینات کرنے پر مجبور ہوگا۔ ڈھاکہ کے اس اقدام کو بھارت کی جانب سے بنگلہ دیش کی سرحد کے قریب اپنے فوجی انفراسٹرکچر کو پھیلانے اور نئی دہلی کی مسلسل بڑھتی ہوئی فوجی صلاحیت، بشمول اس کے بیلسٹک میزائل دفاعی نظام کے ردعمل کے طور پر بھی دیکھا جا رہا ہے۔ سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی معزولی اور ڈھاکہ میں نوبل انعام یافتہ محمد یونس کی سربراہی میں عبوری حکومت کے آنے کے بعد ہندوستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات تنزلی سطح پر ہیں۔ بنگلہ دیش میں اقلیتوں خاص طور پر ہندوؤں کے خلاف بڑے پیمانے پر فرقہ وارانہ تشدد دیکھنے میں آیا ہے، جس نے نئی دہلی کے ساتھ ڈھاکہ کے تعلقات کو خراب کر دیا ہے، بعدازاں یونس کی قیادت والی عبوری حکومت پر کافی کام نہ کرنے کا الزام لگایا اور بنیاد پرست اسلام پسند عناصر کے خلاف ہونے والے مظالم پر آنکھیں بند کر لیں ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

ٹی آئی نے کہا ہے عدلیہ کا مذاق بنایا گیا ہے، بانی نے کہا ہے کہ کسی کہنے پر ڈیل نہیں کروں گا میں ہر کیس لڑوں گا۔ علیمہ خان نے عمران خان کے حوالے سے کہا کہ جن لوگوں نے پارٹی چھوڑی ان کے کیسز معاف کر دیئے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی نے کہا نو مئی کی سازش پہلے سے کی گئی تھی، بانی نے پھر 9 مئی پر جوڈیشل کمیشن کا مطالبہ کیا ہے۔ علیمہ خان نے کہا کہ 26 نومبر کے لاتعداد لوگ مسنگ ہیں، بانی نے کہا لال مسجد آپریشن کی طرح لاشیں دفنائی گئی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

ہیلتھ الائنس کے احتجاج کے باعث قومی شاہراہیں بند کرنے کے پیش نظر صوبے میں دفعہ 144 نافذ کر دی۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے وزیر اعلی سیکرٹریٹ میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ روز سے بلوچستان کی مختلف قومی شاہراہیں احتجاجا بند ہیں، صوبے میں 3 مختلف مقامات پر احتجاج جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کی آڑ میں معصوم عوام کو تکلیف نہ دی جائے، وزیر اعلی بلوچستان سرفراز بگٹی نے واضح کیا تھا کہ پرامن احتجاج سب کا حق ہے، ہمیشہ جائز احتجاج کی اجازت دی تاہم قومی شاہراہیں بند نہیں کرنے دیں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

متاثر ہو رہی ہے۔ نمائش چورنگی پر دھرنے کے شرکا سے مذاکرات کے لیے ایڈیشنل آئی جی کراچی نے پہنچ کر علامہ حسن ظفر نقوی اور دیگر عمائدین سے بات چیت شروع کی ہے۔ ایس ایس پی ایسٹ ڈاکٹر فرخ رضا بھی اس مذاکرات میں شامل ہیں۔ کراچی کے مختلف علاقوں میں احتجاجی دھرنے جاری ہیں جن میں نمائش چورنگی، شاہراہ فیصل، ملیر روڈ، کامران چورنگی اور دیگر مقامات شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، کئی اہم راستے جیسے کہ ایئرپورٹ جانے والی ٹریفک کو متبادل راستوں پر بھیجا جا رہا ہے، جن میں پیپلز چورنگی، گرومندر، کارساز اور جوہر چورنگی شامل ہیں۔ ٹریفک پولیس نے شہریوں کو متبادل راستوں کی جانب رہنمائی فراہم کی ہے۔ جیسے کہ کورنگی انڈسٹریل ایریا اور کلفٹن سے ایئرپورٹ جانے والے افراد کے لیے سنگر چورنگی اور شاہ فیصل کالونی کا راستہ کھولا گیا ہے۔ اسی طرح، ابو الحسن اصفہانی روڈ اور عباس ٹاؤن پر بھی دھرنے کی وجہ سے سڑکیں بند ہیں، اور ٹریفک کو پیراڈائز بیکری سے فاریہ چوک اور اندرون گلیوں کی طرف بھیجا جا رہا ہے۔ کراچی کے مختلف علاقوں میں احتجاج کی وجہ سے سڑکوں پر ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہو رہی ہے، جس کے نتیجے میں شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ تاہم، کورنگی نمبر ڈھائی امام بارگاہ کے سامنے جاری دھرنا ختم کر دیا گیا ہے، اور سڑک کو دوبارہ ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

آباد سپر مارکیٹ، ناظم آباد، حیدری مارکیٹ، نجی حسن، ناگن چورنگی، فور کے چورنگی، سہراب گوٹھ، کریم آباد، شاہراہ فیصل، لسبیلہ چوک، سوک سینٹر، گلشن چورنگی، موسمیات چوک، بلوچ کالونی، اختر کالونی اسٹاپ، ابو اصفہانی روڈ، سوک سینٹر کورنگی نمبر 5، قیوم آباد چورنگی، اسٹار گیٹ، پونے 5 چورنگی اورنگی ٹاؤن، اسلام چوک اورنگی ٹاؤن، ممن آباد ٹاؤن، فرنٹیئر موڑ، کٹی پہاڑی موڑ، کلمہ چوک، کے ڈی اے فلیٹ سرجانی ٹاؤن، ناردرن بائی پاس، بنارس چوک، عبداللہ کالج، حبیب بینک چورنگی، شیر شاہ چوک، غنی چورنگی، حبیب چورنگی، میٹروول، یوسف گوٹھ، ماڑی پور روڈ، قائد آباد مرغی خانہ، داد چورنگی، منزل پمپ اسپتال چورنگی، پورٹ قاسم چورنگی، مانسہرہ کالونی گلشن حدید، گرومندر، جیل چورنگی، اللہ والی چورنگی، چار مینار چورنگی، برنس روڈ فرسکو چوک، آئی سی پل ماڑی پور، ڈیفنس موڑ، تین تلوار، بوٹ بیسن، میرا ناکہ پل، حسینی چورنگی، یونس چورنگی فیوچر موڑ، ایم نائن، چاول گودام موڑ اور بورڈ آفس شامل ہیں۔ یہ دھرنے منگل سے شروع ہوں گے جن کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

کراچی میں اسلحہ کی نمائش پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ شہر میں دفعہ 144 کا نفاذ 31 دسمبر سے یکم جنوری 2025 تک ہوگا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

ہے۔ ایوان صدر اسلام آباد کے اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت نے بینکنگ محتسب کے فیصلوں کے خلاف دائر 31 درخواستوں پر فیصلے کیے۔ اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت نے متاثرین کے حق میں بینکنگ محتسب کے فیصلوں کو برقرار رکھا۔ اعلامیہ کے مطابق فیصلے عوام کو انصاف اور فوری ریلیف فراہم کرنے کے صدر مملکت کے عزم کے عکاس ہیں۔ متاثرین کو نوسرباز افراد نے خود کو بینک کا نمائندہ ظاہر کر کے دھوکہ دیا۔ اعلامیہ کے مطابق نوسرباز افراد نے دھوکہ دہی پر مبنی فون کالز کے ذریعے صارفین سے بینکنگ کی حساس تفصیلات حاصل کیں۔ اعلامیہ کے مطابق ذاتی بینکنگ تفصیلات حاصل کرنے کے بعد صارفین کے اکاؤنٹس سے رقوم نکلوالی گئیں۔ صارفین نے فراڈ سے ہتھیائی گئی رقم واپس لینے کے لیے بینکوں سے رجوع کیا لیکن ریلیف نہ دیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

کی ڈیڈ لائن 2026 کی بتائی گئی یہ جھوٹ ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ریڈ لائن منصوبے کے راستے میں 6 یونیورسٹیز، سیکڑوں اسکولز ہیں، سندھ حکومت نے مستقبل کے معماروں کو دھول چاٹنے پر لگا دیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

کی غیر یقینی پالیسیوں کے پیش نظر خام تیل کی قیمتوں میں معمولی اضافے کا رجحان ہے، جس کے باعث پاکستان میں یکم جنوری سے پیٹرول کی قیمت میں دو روپے فی لیٹر کمی کی توقع ہے، جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 62 پیسے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے۔ صنعتی ذرائع کے مطابق پیٹرولیم پر پریمیم 8.69 ڈالر فی بیرل لگتا ہے، تاہم، اگلے پندرہ دن کے لیے پیٹرول کی قیمت 250 روپے 20 پیسے فی لیٹر رہ سکتی ہے جبکہ 3.62 روپے فی لیٹر اضافے کے بعد ڈیزل کی قیمت 259 روپے فی لیٹر رہنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق لائٹ ڈیزل آئل (ایل ڈی او) کی نئی قیمت کا تخمینہ 3 روپے 30 پیسے مقرر کیا گیا ہے جبکہ مٹی کے تیل کی قیمت 3.03 روپے فی لیٹر اضافے کے ساتھ 151.97 روپے فی لیٹر ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

میں مختلف ذرائع سے بجلی پیدا کی جا رہی ہے، لاہور کلچرل اور بزنس کمیونٹی کا حب ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملکی ترقی کے لیے معاشی، سیاسی استحکام ضروری ہے، زراعت پر توجہ دیے بغیر ملک آگے نہیں بڑھ سکتا۔ یوسف رضا گیلانی نے مزید کہا کہ سینیٹ میں معاشی بحالی کی مختلف تجاویز پر کام ہو رہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

آپریشن 2 گھنٹے سے زائد جاری رہا، انہیں اب کئی دن زیر زمین وارڈ میں رہنا پڑے گا۔ اس دوران عبوری وزیر اعظم کے طور پر وزیر انصاف یاریو لیون نے ذمے داریاں سنبھالی ہوئی ہیں۔ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کی عمر 75 سال ہے، ان کے دل میں گزشتہ سال پیس میکر نصب کیا گیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

کے ایک گھر میں فائرنگ سے لڑکی جاں بحق ہوگئی۔ مقتولہ کی شناخت 18 سالہ آشفینہ عمران کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ گھریلو تنازعات کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔ لڑکی کو سینے میں گولی قریب سے ماری گئی جو کمر سے پار ہوئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ لڑکی کو نامعلوم سمت سے آکر گولی نہیں لگی، واقعے سے متعلق ملے شواہد اور اہلخانہ کے بیانات میں تضاد ہے جبکہ مقتولہ کے گھر سے ایک پستول بھی ملا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

شروع کر دیں گے جو کہ ملک بھر میں پھیل سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سنی علما کونسل کے سربراہ علامہ محمد احمد لدھیانوی نے، مرکزی صدر علامہ غازی اورنگزیب فاروقی سمیت تمام مسالک کے علما کرام کے ہمراہ پیر کو جامع مسجد رحمانی آبپارہ اسلام آباد میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ملک کے امن و امان کے خلاف بیرونی سازش ہو رہی ہے پاڑہ چنار میں ہونے والی قتل و غارت کے تانے بانے ایران و انڈیا سے ملتے ہیں کرم میں اہل سنت کی اکثریتی آبادی پر حملے کیے جا رہے ہیں گھروں بازاروں کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے بے گناہ شہریوں کو قتل کر کے ان کے سروں کی نمائش کی جاتی ہے اہل سنت گھروں پر حملہ کر کے مردوں کو شہید کیا جا رہا ہے اور ان کی خواتین کو اٹھا کر لے جاتے ہیں ان کارروائیوں میں ایرانی ساختہ اسلحہ استعمال ہو رہا ہے اس بات کی تحقیق ہونی چاہیے کہ ان کے پاس یہ اسلحہ کہاں سے آتا ہے۔ بوشہرہ، مقبل، تری مینگل علاقے کئی ماہ سے محصور ہیں۔ حکومت اور خیراتی اداروں کی اس طرف توجہ ہی نہیں۔ امدادی کارروائیاں بلا امتیاز تمام علاقوں کے مظلوم عوام تک پہنچائی جائیں۔ مولانا محمد احمد لدھیانوی نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ امن و استحکام کی بات کی ہے مگر یہ بیرونی ایجنٹ ملک میں فرقہ واریت و قتل و غارت گری کی سازش کر رہے ہیں جسے کرم سے شروع کر کے پورے ملک میں پھیلانا چاہتے ہیں قتل و غارت کرنے والوں نے مظلومیت کا ڈھونگ رچا کر پورے ملک کو یرغمال بنایا ہوا ہے انہیں معلوم ہے کہ سکیورٹی ایجنسیز ان کی منصوبہ بندی سے آگاہ ہے اور ان کے خلاف کارروائی کرنے جا رہی ہے جس پر وہ مظلومیت کا ڈھونگ رچا کر عوام کی ذہن سازی کر رہے ہیں اور انہیں اپنے مکر میں پھنسانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ احتجاج کی آڑ میں مجرموں کے لئے راستہ صاف کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ہم سکیورٹی اداروں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کرم اور پارہ چنار میں غیر ملکی اسلحے کے زور پر قتل و غارت گری اور اسلحہ جمع نہ کرانے والوں کے ساتھ ساتھ بلا جواز دھرنا دے کر عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کرنے والوں کے خلاف بھی سخت کارروائی کی جائے دھرنوں میں موجود اشتعال انگیز افراد اور ان کے پیچھے بیٹھے منصوبہ سازوں کو بھی کٹہرے میں لایا جائے حکومتی رٹ کو چیلنج کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے پاک فوج کی چیک پوسٹوں پر پاکستان کا پرچم اتار کر کالعدم زینبیون کا جھنڈا لہرانے والوں اور ان کے پیچھے بیٹھے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اس موقع پر علامہ اورنگزیب فاروقی نے کہا کہ ایرانی ایجنڈا مسلط کرنے والے سازشوں سے باز آجائیں اقلیت کو اکثریت پر قابض نہیں ہونے دیں گے، دہشتگرد عناصر ایس آئی ایف سی کی کاوشوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ صرف کراچی کی شاہراہوں کو بند کرنے سے ملکی معیشت کو یومیہ 12 ارب کا نقصان ہو رہا ہے۔ اہلسنت کو ایرانی سازشوں کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے انہوں نے آخر میں پھر مطالبہ کیا کہ 2007 میں ہونے والے مری معاہدے کی شقوں پر من و عن عمل درآمد کیا جائے وہاں سے نقل مکانی کرنے والے 56 گاں کے مکینوں کی واپس آبادکاری کی جائے۔ دہشتگردی کی بھینٹ چڑھنے والے بگن، بوشہرہ، صدہ اور تری کے عوام کے مالی نقصان کا ازالہ کر کے ان کی فوری بحالی کے اقدامات کئے جائیں۔ کرم اور پارہ چنار میں تمام فریقوں سے بلا امتیاز تمام قسم کا اسلحہ ضبط کیا جائے۔ پریس کانفرنس سے مرکزی ترجمان مفتی عبدالوحید جلالی، جمعیت علما اسلام پاکستان کے رکن شوری مولانا نذیر احمد فاروقی، وفاق المدارس کے رہنما مولانا ظہور احمد علوی، قائد ڈویژن مفتی تنویر عالم فاروقی، جمعیت اہل حدیث اسلام آباد کے امیر حافظ مقصود احمد، بریلوی مسلک کے رہنما قاری نثار، رہنما KPK مولانا رب نواز طاہر، امیر جمعیت علما اسلام اسلام آباد مفتی اویس عزیز، وائس چیئرمین پاکستان علما کونسل مولانا نعمان حاشر رہنما عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مولانا عبدالوحید قاسمی حضرت مولانا آدم خان، مفتی مجیب الرحمان صاحب، سید چراغ الدین شاہ صاحب، حافظ نصیر احمد، مولانا عبدالرحمان معاویہ، عمائدین کرم ایجنسی مشیران اہل سنت ملک ثواب خان، ملک عطا اللہ، مولانا شاہ نواز، ملک سمیع اللہ، محمد نعیم ملک اشرف خان، ملک عابد خان، محمد ریحان صدر یوتھ کونسل، ملک وارث، بگن و دیگر رہنماوں نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

یادگار سال رہا، 2024 میں ریکارڈ نوعیت کی تیزی کے ساتھ اسٹاک مارکیٹ نے نا صرف تاریخی سنگ میل عبور کیے بلکہ سرمایہ کاری کرنے والوں کو بھاری منافع دیتے ہوئے تاریخی کامیابیوں کا ایک سالہ سفر مکمل کیا۔ سال 2024 میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج نے ایسے کئی تاریخی ریکارڈز قائم کیے جو اس سے قبل کبھی قائم نہیں ہوئے تھے۔ زیر تبصرہ سال میں کیپٹل مارکیٹ کے سرمایہ کاروں کو 80 فیصد ریٹرن دینے کا بھی ریکارڈ قائم ہوا اور تاریخ میں پہلی بار ایک لاکھ پوائنٹس کا سنگ میل بھی عبور ہوا لیکن اس سے قبل پی ٹی آئی کے دور حکومت میں اسٹاک مارکیٹ کے سرمایہ کاروں نے کئی سال انتہائی مشکل دور بھی دیکھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

عامہ شکیل ڈوگر کے مطابق گزشتہ ایک سال کے دوران حکومت سندھ کے ویژن اور صوبائی وزیر بلدیات سعید غنی کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے سندھ کے تمام اضلاع میں غیر قانونی تعمیرات کے خاتمے کے لئے بلاتفریق و بلاتعطل بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری رہیں۔ سال 2024 کے دوران کراچی کے 7 اضلاع سمیت سندھ بھر میں 1500 سے زائد غیر قانونی تعمیرات کے خلاف انہدام اور دیگر قانونی اقدامات عمل میں لائے گئے جو ایک سال میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف ریکارڈ کارروائیاں ہیں۔ جس میں معزز عدالتی احکامات کی تعمیل میں متعدد کارروائیاں بھی شامل ہیں، جبکہ 200 سے زائد عدالتی پٹیشنز کو نمٹایا گیا۔ غیر قانونی تعمیرات کے خاتمے اور سدباب کے سلسلے میں ڈائریکٹر جنرل ایس بی سی اے عبدالرشید سولنگی حکومت سندھ کے زیرو ٹالرنس ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کر رہے ہیں اس حوالے سے شفافیت کو برقرار رکھنے کے لئے غیر قانونی تعمیرات میں ملوث کئی افسران و اہلکاروں کو ملازمت سے معطل کیا گیا جبکہ کئی معاملات میں تحقیقاتی عمل جاری ہے جبکہ سال 2024 کے دوران تعمیراتی قوائد میں پلان کے مطابق کار پارکنگ کی بحالی سمیت شہریوں کی اہم ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے زیر تعمیر پروجیکٹ سائٹس پر پروجیکٹ سے متعلق مکمل قانونی تفصیل سے آگاہی کے لئے واضح طور QR-CODE کی تنصیب کو لازمی بنایا گیا۔ ترجمان ایس بی سی اے کے مطابق امسال 2652 کی تعداد میں پرائیویٹ پبلک سیل پروجیکٹ، ہاسنگ اسکیم، انڈسٹریل، کمرشل اور رہائشی بلڈنگز پلانز کی منظوری دی گئی، جبکہ صنعتی پلانز میں فیس میں تاخیر پر لگنے والے اضافی واجبات معاف کرنے سمیت ہر قسم کے پلانز کی سنگل ونڈو سے وقت مقررہ پر منظوری کے اقدامات نے عوام اور ایس بی سی اے کے درمیان اعتماد کی فضا کو بحال کیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ماہر تعمیراتی انجینئرز پر مشتمل ٹیکنیکل کمیٹی برائے خطرناک / مخدوش عمارتوں کا سروے جاری رہا، رپورٹس کے مطابق کراچی میں اب تک 591، حیدرآباد ریجن میں 81، سکھر 60، میرپور خاص 07 اور لاڑکانہ ریجن میں 04، سمیت کل 743 خطرناک عمارتوں کی فہرست مرتب شدہ ہے جبکہ سال 2024 کے دوران ٹیکنیکل کمیٹی کی جانب سے کراچی میں حادثاتی آتشزدگی سے متاثرہ عمارتوں کا بھی بروقت معائنہ اور سروے رپورٹس مرتب کی گئیں۔ ترجمان نے مزید کہا ہے کہ ڈائریکٹر جنرل کی خصوصی کاوشوں سے شفاف طریقے سے گریڈ 14 سے 18 تک افسران و اہلکاروں کی ڈی پی سی کا دیرینہ مسئلہ بھی حل ہو گیا اور اس سلسلے میں 72 افسران و اہلکاروں کو اگلے گریڈ پر ترقیاں دی گئیں، جبکہ گزشتہ 4 سال سے بندش کا شکار حج اسکیم کو دوبارہ بحال کیا گیا اور سال 2024 میں بذریعہ قرعہ اندازی منتخب 07 افسران و دیگر 10 ملازمین سمیت کل 17 افراد کو ادائیگی فریضہ حج کے لئے مکمل سفری اخراجات کی رقوم فراہم کی گئیں۔ ترجمان ایس بی سی اے کے مطابق محکمہ نے اپنے اقدامات کے زریعے شہریوں کی خدمت کے ساتھ امیج کی بہتری پر بھی بھرپور توجہ مرکوز رکھی اور اس سلسلے میں عملی مظاہرہ کرتے ہوئے غیر ملکی مہمانان پر شہر سے متعلق پہلے مثبت تاثر کے سلسلے میں ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ کی مدد و تعاون سے شاہراہ فیصل پر واقع عمارتوں اور سڑک کے دونوں جانب بیوٹی فیکیشن کی گئی جسے شہریوں کی جانب سے قابل تحسین عمل قرار دیا گیا۔ بیوٹی فیکیشن کے عمل سے متاثر ہو کر عمائدین کی درخواست پر کورنگی انڈسٹریل ایریا میں بھی اسی نوعیت کی بیوٹی فکیشن کی منصوبہ بندی کا عمل جاری ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

لیا۔ ڈی جی سیف سٹی اعجاز شیخ نے وزیراعلی سندھ کو ایمرجنسی ریسپانس وہیکلز کے فیچرز کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں اعجاز شیخ نے وزیراعلی کو بتایا کہ ایمرجنسی ریسپانس وہیکلز آرٹیفشل انٹیلی جنس (اے آئی) کے فیچرز سے لیس ہیں، ای آر وی میں چہرے اور گاڑیوں کے نمبر پلیٹس کی شناخت کے فیچرز بھی موجود ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پورا سیف سٹی نادرا اور ایکسائز کے سسٹم سے منسلک ہو رہا ہے۔ وزیر اعلی سندھ نے ڈی جی سیف سٹی کو ہدایت کی کہ ایمرجنسی ریسپانس وہیکلز کو نادرا اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے سسٹم سے بھی منسلک کریں۔ وزیراعلی سندھ نے سیف سٹی اتھارٹی کو 23 ای آر وی کراچی کی سڑکوں پر لانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلی سندھ کا کہنا تھا کہ پہلے مرحلے میں پانچ اور اگلے دو مہینوں میں باقی وہیکلز بھی کراچی کی سڑکوں پر ہونی چاہئیں۔ وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے سیف سٹی اتھارٹی کو کراچی میں بھرپور کام کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ کراچی میں 2025 تک سیف سٹی پروجیکٹ کو مکمل کیا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

تفصیلات کے مطابق میگا ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن اسکیم میں اربوں کا اسکینڈل سامنے آیا ہے، پوسٹ کلیئرنس آڈٹ (پی سی اے) کے ڈائریکٹر ساتھ شیراز احمد کے مطابق اس کیس میں 2 ارب 40 کروڑ کا میگا ای ایف ایس اسکینڈل بے نقاب ہوا ہے۔ حکام نے کوئٹہ میں موجود ممتاز سیمنٹ یونٹ پر مقدمہ درج کر لیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ یہ کمپنی اربوں کے فراڈ کی مرتکب ہوئی ہے، اس نے اسکیم کے غلط استعمال سے قومی خزانے کو نقصان پہنچایا گیا، اور کلنکر اور پیکنگ میٹریل کی بڑی مقدار درآمد کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

میں پولیس نے اسکول پر قبضے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے دو خواتین سمیت 10 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق اسکول میں 300 سے زائد طلبا زیر تعلیم ہیں۔ پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ اسکول کے سیکیورٹی سپروائزر محمد علی کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ واقعے کی درج ایف آئی آر کے مطابق سیکیورٹی سپروائزر نے بتایا کہ اسکول کے مالک محمد شعیب عمرے کی ادائیگی کیلئے گئے ہوئے ہیں، مجھے اسکول سے سیکیورٹی گارڈ نے فون کر کے بتایا کہ 10 سے زائد مرد اور خواتین بہانے سے اسکول کی بلڈنگ میں گھس آئے ہیں، اسکول میں زبردستی داخل ہونے والے افراد نے سیکیورٹی گارڈز سے اسلحہ بھی چھین لیا۔ سیکیورٹی سپروائزر نے بتایا کہ ہم نے شاہراہ فیصل تھانے جا کر پولیس کو اطلاع دی، پولیس نے چھاپا مار کر اسکول سے دو خواتین سمیت 10 افراد کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی آر میں دعوی کیا گیا کہ اسکول کے آفس میں رکھی 6 لاکھ روپے سے زیادہ کی رقم غائب ہے، اسکول سے لیپ ٹاپ، اے سی اور دیگر سامان بھی غائب ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق گرفتار افراد نے بتایا کہ انہوں نے یہ سب اسکول کی بلڈنگ کے مالک کے کہنے پر کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

ہے۔ رپورٹ کے مطابق رواں سال 2024 میں نو سال کے بعد ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں ایک فیصد اضافہ ہوا ہے، جبکہ 2024 سے پہلے 8 سال میں ڈالر کے مقابلے روپے کی قدر میں سالانہ 10 فیصد کی کمی ہو رہی تھی۔ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر 278 روپے 37 پیسے پر ہے، جو 31 دسمبر 2023 کو تقریبا 281 روپے 85 پیسے سے اوپر تھا، ایکسچینج ریٹ میں بہتری ترسیلات زر میں اضافے اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی کی وجہ سے دیکھی جا رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 20 دسمبر تک پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 16 ارب 37 کروڑ ڈالر سے تجاوز کر گئے اور اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر 11 ارب 85 کروڑ 35 لاکھ ڈالر ہو چکے ہیں۔ جولائی سے نومبر 2024 میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ 94 کروڑ 40 لاکھ ڈالر سے سرپلس رہا ہے جو گزشتہ مالی سال کے پانچ ماہ میں ایک ارب 66 کروڑ 60 لاکھ ڈالر خسارے میں تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ برس 38 سے زائد لوگ ہوائی فائرنگ سے زخمی ہوئے تھے، ہوائی فائرنگ کسی صورت برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو ہوائی فائرنگ کرے گا شہری نشاندہی کریں ہم سرکار مدعیت میں مقدمہ کریں گے، کوشش کریں گے اس کی ضمانت نہ ہو اور ایسے شخص کا لائسنس بھی منسوخ کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس میں احتساب کا ایک نظام ہے، کسی افسر یا اہلکار کو اختیارات سے تجاوز کی اجازت نہیں، جو بھی اختیارات سے تجاوز کرے گا اسے معطلی یا ملازمت سے فارغ ہونا پڑے گا۔ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ کراچی پورے ملک کا اکنامک حب ہے لیکن بدقسمتی سے یہ شہر پورے ملک کے جرائم پیشہ افراد کو بھی اٹریکٹ کرتا ہے، پچھلے سال کے مقابلے میں اسٹریٹ کرائم 24 فیصد سے کم ہو کر 16 فیصد رہا، موٹر سائیکل اور گاڑیاں چھیننے کی وارداتیں کم ہوئیں، پولیس کارکردگی بھی پچھلے سال کے مقابلے میں بہتر ہوئی۔ ایڈیشنل آئی جی نے کہا کہ دسمبر کا مہینہ کارکردگی کے اعتبار سب سے بہترین رہا، اس ماہ سب سے کم گاڑیاں اور موٹر سائیکل چوری اور چھینی گئیں 3800 سے زیادہ بائیک اور کار لفٹرز کو گرفتار کیا 2700 سے زیادہ ایف آئی آرز کے چالان پیش کر چکے ہیں، انویسٹی گیشن کی بہتری سے 300 سے زیادہ ملزموں کو سزائیں بھی ہوئیں۔ ایڈیشنل آئی جی نے کہا کہ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ کرائم زیرو ہو مگر کچھ چیزیں ممکن نہیں ہوتیں 13 ہزار سے زائد گاڑیاں یا موٹر سائیکلیں گزشتہ سال کے مقابلے کم چوری اور چھینی گئیں، موبائل فونز چھیننے کی وارداتیں بھی گزشتہ برس سے 8 ہزار کم ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

10.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا، کراچی میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم سرد اور خشک رہے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27 جبکہ کم سے کم 8 ڈگری سینٹی گریڈ متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں میں 5 سے 20 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے شمال مشرقی سمت سے ہوائیں چلنے کا امکان کا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

سینٹرل، کراچی ایسٹ، کورنگی، ملیر، کراچی ساتھ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، میرپور خاص، شہید بینظیر آباد، سکھر، چمن، کوئٹہ اور ژوب کے ماحولیاتی نمونوں میں بھی پولیو وائرس کی موجودگی پائی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور، ملتان اور ڈی جی خان کے ماحولیاتی نمونوں میں بھی پولیو وائرس کی تصدیق کی گئی ہے۔ این ای او سی کے مطابق، رواں سال ملک میں اب تک 67 پولیو کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ پولیو وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے این ای او سی نے اعلان کیا ہے کہ بلوچستان میں پولیو کے خلاف مہم کا آغاز 30 دسمبر سے کیا جائے گا۔ حکام نے تمام متعلقہ اداروں اور والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ پولیو مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ ملک کو پولیو سے مکمل طور پر نجات حاصل کی جا سکے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

چوری کرنے کے دوران ڈنڈا مار کر قتل کیا تھا۔ لاڑکانہ کے ایس ایس پی نے بتایا ہے کہ قتل کے بعد ملزم نے اپنی نانی کی لاش قریبی جنگل میں پھینک دی تھی۔ ایس ایس پی لاڑکانہ کے مطابق خاتون کی لاش پولیس نے جھاڑیوں سے برآمد کر لی تھی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

ہیں، جبکہ ویکسینیشن نہ ہونے کی صورت میں یہ بیماری جان لیوا ثابت ہو سکتی ہے۔ ڈاکٹرز نے خبردار کیا ہے کہ خسرہ ایک تیزی سے پھیلنے والی بیماری ہے جو ایک بچے سے دوسرے بچوں تک جلدی منتقل ہوتی ہے۔ والدین کو چاہیے کہ 9 ماہ اور ڈیڑھ سال کی عمر میں بچوں کو خسرہ سے بچا کی ویکسین لازمی لگوائیں تاکہ اس خطرناک مرض سے محفوظ رہ سکیں۔ متاثرہ بچے کو الگ تھلگ رکھنا اور وٹامن اے دینا بیماری کی شدت کم کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ ماہرین صحت نے والدین پر زور دیا ہے کہ کسی بھی غیر معمولی علامت کی صورت میں فوری طور پر معالج سے رجوع کریں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

دھرنوں اور اس ضمن میں پولیس اقدامات پر بات چیت کی گئی۔ شہریوں کو ٹریفک کے متبادل روٹس سے متعلق معلومات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ وزیر داخلہ سندھ سال نو کی آمد آمد ہے اس ضمن میں نا صرف مربوط ڈپلائمنٹ پلان پر عمل درآمد بلکہ شہریوں کے تحفظ جیسے امور و اقدامات کو بھی عملا یقینی بنایا جائے۔ دوسری جانب وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے سجاول میں غیر ملکیوں سے لوٹ مار کے واقعے کی تفصیل طلب کر لی۔ سجاول پولیس نے سیاحوں سے ڈکیتی کی واردات میں ملوث 3 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ترجمان وزارت داخلہ سندھ کے مطابق سجاول میں غیر ملکیوں سے لوٹ مار کے واقعے پر ضیا الحسن لنجار نے ایس ایس پی سے تفصیلات طلب کی ہیں۔ وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ سیاحوں کو لوٹنے والوں کی گرفتاری کیلئے فوری کارروائی کی جائے۔ تفتیش کو جدید اور ماڈرن تکنیک کے تحت موثر اور کامیاب بنایا جائے۔ دوسری طرف صوبائی وزیر ثقافت و سیاحت ذوالفقار علی شاہ نے ملزمان کی فوری گرفتاری کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ سائیکل سوار غیر ملکی سیاح جوڑے کو مکمل تحفظ اور سیکیورٹی فراہم کیا جائے، غیر ملکیوں کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

مہنگائی نے 2024 کو غریب اور متوسط طبقے کے لیے ڈرانا خواب بنا دیا 2024 سیاسی عدم استحکام، بے قابو ہوشربا مہنگائی اور بدترین معاشی تباہی کا سال رہا، غفلت میں ڈوبے حکمرانوں کی غلط حکمت عملیوں اور ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال کے پیش نظر 2025 میں بھی دور دور تک مشکلات کے خاتمے اور بہتری کی امید نظر نہیں آرہی۔ آل کراچی تاجر اتحاد کے چیئرمین عتیق میر نے سال 2024 کی مرتب کردہ ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ ٹیکسوں کی بھرمار، بجلی، گیس، پیٹرول اور ڈالر کی ناقابل برداشت قیمتوں اور مصنوعی مہنگائی کی روک تھام نہ ہونے کے نتیجے میں معیشت مسلسل زوال پذیر اور ضروریات زندگی کی اشیا غریب و متوسط طبقے کی پہنچ سے دور ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کے کسی بھی سیل سیزن پر مارکیٹوں میں روایتی رونقیں، گہما گہمی اور خریداری دیکھنے میں نہ آسکی، قوت خرید سے محروم عوام پیٹ کی آگ بجھانے کی تگ و دو میں مصروف رہے انہوں نے کہا کہ ان ڈائریکٹ ٹیکسوں کا دائرہ کار ناقابل برداشت حد تک بڑھ گیا۔ تجارتی مراکز ہولناک مندی، کساد بازاری اور سناٹوں کی لپیٹ میں رہے، وحشت ناک بیروزگاری کے ہاتھوں مجبور ہو کر بیشتر محنت کشوں نے اوزار پھینک کر ہتھیار اٹھا لیے، ملازمتوں کے مواقع کم ہونے سے جرائم تشویشناک حد تک بڑھ گئے۔ انہوں نے کہا کہ 80 فیصد تاجروں کے گھریلو و کاروباری اخراجات پورے نہ ہو سکے، بیشتر تاجر مقروض ہو گئے، 40 فیصد سے زائد ملازمین ملازمت سے فارغ اور لاتعداد فیکٹریاں بند ہو گئیں، بے حس حکمران مہنگائی میں کمی اور معاشی بحالی کے ٹھوس اقدامات کرنے کے بجائے مصنوعی اور گمراہ کن معاشی اشاریوں سے عوام کا دل بہلاتے رہے، اسٹاک مارکیٹ بلند ترین سطح پر تجارت پست ترین درجے پر رہی۔ انہوں نے کہا کہ دال، گھی دودھ، گوشت، سبزیاں اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ ہوتا رہا، خود ساختہ مہنگائی کی روک تھام کے ذمے دار حکومتی اداروں کی کمزور گرفت کے نتیجے میں عوام مکمل طور پر ناجائز منافع خوروں کے رحم و کرم پر رہے، زندگی کی بنیادی اشیا عام آدمی کی پہنچ سے دور عوام کو دو وقت کی روٹی کے لالے پڑ گئے، روزانہ کی بنیاد پر اشیا کی لاگت بڑھنے سے مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا۔ انہوں نے مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتی غیر سنجیدگی، ملک پر آئی ایم ایف اور بیرونی قوتوں کی بڑھتی ہوئی مداخلت، اجارہ داری اور دبا کے پیش نظر نئے سال میں بھی دور دور تک بہتری کی کوئی امید نظر نہیں آرہی۔ انہوں نے کہا کہ اسٹریٹ کرائم، لاقانونیت اور جرائم میں کئی گنا اضافہ ہوا، ٹرانسپورٹ کے کرائے ناقابل برداشت حد تک بڑھ گئے، معاشی حب کراچی مکمل طور پر مافیاز کا شہر بن گیا، چار کروڑ آبادی کا شہر ناقابل برداشت مہنگائی، ہولناک بیروزگاری، تجاوزات، زمینوں پر ناجائز قبضے، ٹریفک کی بدنظمی، پانی کا بحران، بدامنی، لاقانونیت اور اذیت ناک بلدیاتی عذاب سے دوچار رہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ کی بدترین کارکردگی کا تسلسل گزشتہ سالوں کی طرح برقرار رہا، حکومت سندھ اور اس کے ماتحت کسی بھی ادارے نے کسی بھی شعبے میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کیا، اشیائے خورد و نوش کی مارکیٹوں میں من مانی قیمتوں کے ذمہ داران کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کے بجائے بیشتر مجسٹریٹس نے ماہانہ بھتہ باندھ لیا جس کے نتیجے میں دکانداروں نے مصنوعی مہنگائی کا طوفان برپا کر دیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

لوگ جھلس گئے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ حملے میں کم از کم 7 فلسطینی شہید ہوئے، جمعہ کو کمال عدوان اسپتال کو آگ لگا کر صیہونی فوج نے اسپتال ڈائریکٹر اور عملے سمیت سیکڑوں افراد کو قیدی بنا لیا تھا۔ عالمی امدادی اداروں نے ڈاکٹر حسام ابوصفیہ کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب شدید سردی سے ٹھٹھر کر غزہ کا ایک اور نومولود دم توڑ گیا، اب تک پانچ بچوں کی ٹھنڈ سے اموات رپورٹ ہو چکی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

علامہ مختار امامی، علامہ صادق جعفری، اور دیگر رہنما موجود تھے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علامہ حسن ظفر نقوی نے موجودہ حالات پر شدید تحفظات کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبات پیش کیے۔ علامہ حسن ظفر نقوی نے کرم ایجنسی میں جاری کشیدہ حالات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ راستے بند ہونے سے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ضلع کے تمام اسکول، کالجز، کاروبار، اور بازار بند ہیں، جس کے باعث لوگ گھروں میں محصور ہو کر جنازے اٹھانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاراچنار میں شیعہ اور سنی مسئلہ نہیں ہے بلکہ لاقانونیت اور انتظامی ناکامی ہے۔ انہوں نے کرم ایجنسی کا راستہ بند کرنے کو غیر آئینی اور جنگی جرم قرار دیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ راستے فوری طور پر کھلوائے جائیں تاکہ زندگی معمول پر آسکے۔ علامہ حسن ظفر نقوی نے دھرنے کے شرکا سے اپیل کی کہ وہ پرامن رہیں اور جن سڑکوں پر بیٹھے ہیں، ان کا ایک حصہ عوام کی آمد و رفت کے لیے کھلا رکھیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دھرنے ضلع کرم کے روڈ کھلنے تک جاری رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مجلس وحدت مسلمین کے احتجاج کے دوران نہ تو سرکاری عمارتوں کو نقصان پہنچایا گیا ہے اور نہ ہی عوامی املاک کو۔ ہم پرامن ہیں اور ظلم کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں۔ علامہ حسن ظفر نقوی نے کہا کہ ملک میں دہشت گردی کے واقعات بڑھ رہے ہیں اور حکمرانوں کی ناکام پالیسیوں کی وجہ سے عوام مشکلات کا شکار ہیں۔ مظلوموں کو انصاف اور مجرموں کو سزا دینا اب خواب بنتا جا رہا ہے۔ مجلس وحدت مسلمین نے عظمی بخاری کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کو یاد دلایا جائے کہ وہ پورے پاکستان کے وزیراعظم ہیں، صرف پنجاب کے نہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا شہباز شریف کو پاراچنار کا جغرافیہ معلوم نہیں اور کیا سیکیورٹی ادارے ان کے دائرہ کار میں نہیں آتے؟ انہوں نے زور دیا کہ وزیراعظم عوام کی عزت، جان، اور مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں، جو ان کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ مجلس وحدت مسلمین کے رہنماؤں نے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں اور مختلف مذاہب و مسالک کے عمائدین کا بھی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے دھرنوں کے دوران مظلوموں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

ادارے ایف آئی اے فیصل آباد کے عملے نے گزشتہ سال پیش آئے لیبیا کشتی حادثے کے کیس سے منسلک اہم ملزم کو گرفتار کر کے 17 پاکستانی پاسپورٹس برآمد کر لیے جو ملزم نے یورپ انسانی اسمگلنگ کے لیے جمع کر رکھے تھے۔ ایف آئی اے کے ذرائع کے مطابق ملزم رانا اشفاق احمد کے قبضے سے 17 پاکستانی پاسپورٹ برآمد ہوئے ہیں جو ملزم نے نوجوانوں کو یورپی ممالک اسمگل کرنے کے لیے ان سے لیے تھے۔ حکام کے مطابق رانا اشفاق احمد لیبیا کشتی حادثے میں ملوث تیسرے نمبر کا ملزم ہے۔ ملزم پر پاکستان سے زمینی راستے لیبیا، ایران، یونان اور یورپین ممالک انسانی اسمگلنگ کا الزام ہے۔ گرفتار ملزم نے نوجوانوں سے زمینی راستے سے یورپ بھجوانے کے لیے لاکھوں روپے وصول کیے۔ اسلام آباد کے رہائشی ملزم رانا اشفاق احمد کو تفتیش کے لیے ایف آئی اے فیصل آباد منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

فتح جنگ کے قریب بس حادثے کا شکار ہوگئی، حادثے میں 12 افراد جاں بحق اور 17 زخمی ہو گئے، جاں بحق ہونے والوں میں 7 خواتین اور 5 مرد شامل ہیں۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق حادثہ بس ڈرائیور کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے پیش آیا ہے، ڈرائیور کی غفلت کے باعث بس الٹ گئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ بس کا ٹائر پھٹنے کے باعث پیش آیا، بس میانوالی سے راولپنڈی جا رہی تھی۔ جاں بحق خواتین میں نازیہ، فضا، سیدہ اقرا فاطمہ، نازیہ عبید اور مہرالنسا شامل ہیں۔ جبکہ مردوں میں سید نسیم، اسد رازق، عبیدالرحمان اور محمد بشیر شامل ہیں۔ جاں بحق ہونے والوں میں دو خواتین اور ایک مرد کی شناخت تاحال نہ ہو سکی۔ زخمیوں میں بس ہوسٹس کومل اقبال، راشدہ، اندرش طارق اور حنا غفور شامل ہیں، جبکہ مسافروں میں عدنان، رحیم علی، راحیل، حسیب ہاشمی اور سید علی زخمی ہیں۔ زخمیوں میں آٹھ کی حالت انتہائی تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ جن میں سے تین خواتین اور تین مرد زخمیوں کو تشویشناک حالت میں بے نظیر ہسپتال راولپنڈی ریفر کیا گیا ہے۔ حادثہ میں ایک زخمی کو الشفا راولپنڈی جبکہ ایک کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال راولپنڈی منتقل کیا گیا۔ سندھ کے ضلع نوشہرو فیروز میں مورو کے مقام پر شدید دھند کے باعث وین اور ٹرالر میں تصادم ہو گیا، جس کے نتیجے میں ابتدائی طور پر سات افراد جاں بحق ہو گئے، جاں بحق افراد میں دو خواتین بھی شامل ہیں۔ خوفناک حادثے میں چودہ افراد زخمی ہوئے ہیں، جن میں سے دس افراد کی حالت تشویش ناک ہونے کے باعث انہیں نواب شاہ ریفر کیا گیا ہے۔ مورو اسپتال میں ایمرجنسی وارڈ میں سہولیات نہ ہونے کے ناعث مریض تڑپتے رہے۔ بعدازاں، نوشہرو فیروز وین حادثے میں ایک بارہ سالہ لڑکی فرحانہ تکر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے نواب شاہ اسپتال میں دم توڑ گئی، جس سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد آٹھ ہو گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

ایسوسی ایشن محمد ارشد کے مطابق ڈالر کی اونچی اڑان اور عالمی منڈی میں سونے کی قیمتوں کا اضافہ پاکستان میں سونے کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ رہا۔ پاکستان میں سونے کی فی تولہ قیمت رواں سال جنوری میں دو لاکھ انیس ہزار دو سو تھی جو سال کے اختتام پر ساٹھ ہزار روپے اضافے کے ساتھ دو لاکھ اسی ہزار روپے سے زائد ہو گئی۔ چاندی کی قیمت میں بھی عالمی منڈی میں اضافہ رہا۔ رواں مالی سال میں چاندی کی فی تولہ قیمت چھ سو ساٹھ روپے اضافہ کے بعد تین ہزار تین سو فی تولہ میں فروخت کی جا رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ 8 کارروائیوں میں 5 ملزمان گرفتار۔ کارروائیوں میں 1 کروڑ 61 لاکھ سے زائد مالیت کی 1478.494 کلوگرام منشیات برآمد۔ فیصل آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بحرین جانے والے مسافر کے بیگ سے 498 گرام ہیروئن برآمد۔ بلوچستان میں پشین کے پہاڑی علاقے سرانان سے 1452 کلو گرام چرس برآمد۔ مغربی بائی پاس کوئٹہ میں خیزی چوک کے قریب گاڑی سے 20 کلوگرام چرس برآمد، ملزم گرفتار۔ رنگ روڈ پشاور کے قریب ملزم کے بیگ سے سولر پمپس میں چھپائی گئی 4.8 کلو گرام چرس برآمد۔ لاہور میں واقع کارگو آفس میں اسلام آباد سے کراچی بھیجے جانے والے پارسل سے 61 گرام کوکین برآمد۔ لاہور میں کوریئر آفس میں دو کارروائیوں میں پارسلز سے 525 گرام وزنی 620 عدد نشہ آور ایکسٹیسی گولیاں برآمد۔ مذکورہ پارسلز لکی مروت سے بہاولپور اور لاہور بھیجے جانے تھے۔ اسلام آباد میں ٹیپو سلطان روڈ کے قریب دو موٹر سائیکل سواروں کے قبضے سے 610 گرام چرس برآمد۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

مسلح ملزمان کی ڈکیتی کی واردات ویڈیو سامنے آگئی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے ضلع ملیر میں جرائم پیشہ عناصر کو لگام نہ ڈالی جا سکی، گلشن حدید فیز 2 کے ہیئر سیلون پر مسلح ملزمان نے ڈکیتی کی واردات کی، ایک ملزم معصوم بچے کے سامنے چیمبر مار کر اسلحہ لہراتا رہا اور پوری دکان لوٹ کر ملزمان فرار ہو گئے جس کی فوٹیج سامنے آگئی۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان دکان میں داخل ہوئے ایک ملزم نے پستول نکالی جبکہ ساتھی لوٹ مار کرتا رہا۔ ملزم بچے کے سامنے پستول لہراتا رہا جبکہ دونوں نے مل کر تمام افراد سے موبائل، کیش اور دیگر قیمتی سامان لوٹا، ملزمان بلاخوف 2 سے 3 منٹ تک واردات کرتے رہے۔ فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ تین کسٹمرز دکان مالک اور ملازمین سے لوٹ مار کی گئی واردات کے بعد ملزمان اطمینان سے فرار ہو گئے۔ دوسری جانب پولیس نے اس واقعے کا مقدمہ 2 ملزمان کے خلاف درج کر لیا ہے اور کارروائی کا آغاز ہو گیا ہے پولیس کا کہنا ہے کہ جلد ملزمان کو گرفتار کیا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

کہ مدارس رجسٹریشن ایکٹ کے موقف کے مطابق گزٹ نوٹیفکیشن جاری ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن اور سینیٹر کامران مرتضی کی کوششیں بہت ہی قابل احترام ہیں۔ مفتی تقی عثمانی کا کہنا ہے کہ مدارس رجسٹریشن بل کی منظوری قوم کو مبارک ہو، صوبوں کو بھی اس کے مطابق قانون سازی کی توفیق ہو۔ دوسری جانب جمعیت علمائے اسلام ف کے سینیٹر کامران مرتضی نے کہا ہے کہ مدارس رجسٹریشن بل پر دستخط کرنے پر ہم صدر کے مشکور ہیں، پارلیمان کے بنائے ہوئے قانون پر دستخط سے جے یو آئی کا موقف تسلیم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم جے یو آئی کے کارکنان اور مدارس مبارکباد کے مستحق ہیں، وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی کابینہ نے بھی مثبت کردار ادا کیا جو قابل تحسین ہے۔ سینیٹر کامران مرتضی کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن اور دینی مدارس کے قائدین کی کوششوں سے معرکہ سر ہوا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

پر سعودی عرب جانے کی کوشش میں 2 ہندو خواتین کو امیگریشن نے آف لوڈ کر کے حراست میں لے لیا۔ ایف آئی اے کے حکام کے مطابق گرفتار ایشا دیوی اور نیشو کماری وزٹ ویزے پر بھیک مانگنے کی غرض سے سعودی عرب جا رہی تھی۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق گرفتار ملزمہ ایشا دیوی کا نام امیگریشن کی اسٹاپ لسٹ میں ہے۔ ایف آئی اے کے حکام کے مطابق ملزمہ ایشا دیوی اس سے قبل بھی سعودی عرب بھیک مانگنے میں ملوث رہی ہے، ملزمہ کو کچھ عرصے قبل سعودی عرب پولیس نے بھیک مانگنے پر گرفتار کیا تھا اور پھر پاکستان ڈی پورٹ کر دیا گیا تھا۔ امیگریشن حکام کے مطابق اس کی ساتھی ملزمہ نیشو کماری سعودی عرب جانے کے حوالے سے حکام کو مطمئن نہ کر سکی، ملزمہ کے پاس سفری اخراجات کے حوالے سے بھی مطلوبہ رقم موجود نہ تھی۔ امیگریشن حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان کا تعلق کراچی سے ہے، انہیں اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

انصاف نے مشاورت کے بعد 2 مطالبات حکومت کے سامنے رکھنے کا فیصلہ کر لیا، تحریک انصاف رہنماں کی جوڈیشل کمیشن بنانے اور قیدیوں کی رہائی کے مطالبے پر مشاورت ہوئی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف تحریری طور پر دو ہی مطالبات حکومتی ٹیم کے سامنے رکھے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی 9 مئی اور 26 نومبر واقعات کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن اور جیلوں میں بند اپنے کارکنوں کی رہائی کا تحریری مطالبہ سامنے رکھے گی۔ تحریک انصاف اور حکومت کی مذاکراتی کمیٹیوں کے درمیان مذاکرات 2 جنوری کو ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

انصاف نے مشاورت کے بعد 2 مطالبات حکومت کے سامنے رکھنے کا فیصلہ کر لیا، تحریک انصاف رہنماں کی جوڈیشل کمیشن بنانے اور قیدیوں کی رہائی کے مطالبے پر مشاورت ہوئی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف تحریری طور پر دو ہی مطالبات حکومتی ٹیم کے سامنے رکھے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی 9 مئی اور 26 نومبر واقعات کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن اور جیلوں میں بند اپنے کارکنوں کی رہائی کا تحریری مطالبہ سامنے رکھے گی۔ تحریک انصاف اور حکومت کی مذاکراتی کمیٹیوں کے درمیان مذاکرات 2 جنوری کو ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

سے متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید ابراہیم الزعابی کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعاون کو مزید بلندی پر پہنچانے کے لیے پنجاب اور یو اے ای کا ورکنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر معاشی تعاون اور پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں اور سیاحت کے فروغ پر تبادلہ خیال ہوا۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے یو اے ای کے سرمایہ کاروں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کے لیے دعوت دی۔ انہوں نے یو اے ای کے سرمایہ کاروں کے لئے خصوصی مراعات اور سازگار ماحول کی یقین دہانی کرائی۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے متحدہ عرب امارات کی پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں تعاون کو سراہا۔ یو اے ای کے سفیر کی وزیر اعلی مریم نواز شریف کو کامیاب دورہ چین پر مبارکباد دی۔ سفیر حماد عبید ابراہیم الزعابی نے جاری ترقیاتی منصوبوں، موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق اقدامات پر وزیر اعلی مریم نواز شریف کی تعریف کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

نمٹا دی۔ سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ، یونان میں کشتی ڈوبنے سے پاکستانیوں کی ہلاکتوں کے معاملہ کی سماعت ہوئی۔ کارروائی روکنے کیلئے ایف آئی اے کے انسپکٹر ابراہیم، نازش سحر اور دیگر نے درخواست دائر کی تھی۔ عدالت نے ڈی جی ایف آئی اے کو حکم دیا کہ درخواست گزاروں کے خلاف قانون سے ہٹ کر کارروائی نہ کی جائے۔ دوران انکوائری درخواست گزاروں کو اپنے دفاع کا موقع دیا جائے۔ درخواست گزاروں کو سنے بغیر کوئی فیصلہ نہ کیا جائے۔ عدالت نے درخواست گزاروں کو انکوائری میں شامل ہونے کی ہدایت کرتے ہوئے درخواست نمٹا دی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

بلوچستان میں بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے واقعات پر مبنی 5 سالہ رپورٹ جاری کر دی، جو 2019 سے 2023 تک کے اعداد و شمار پر مبنی ہے۔ ایس ایس ڈی او کی رپورٹ کے مطابق 5 سال کے عرصے میں بچوں کے خلاف جنسی زیادتی کے 5398 واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں سے 62 فیصد واقعات صوبہ پنجاب سے رپورٹ ہوئے جن کی تعداد 3323 ہے۔ یہ تعداد دیگر صوبوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے۔ بچوں سے جنسی زیادتی کے خیبر پختونخوا میں 1360 واقعات رپورٹ ہوئے جو کہ 25.1 فیصد ہیں۔ اسی طرح سندھ میں 458 واقعات رپورٹ ہوئے جو کہ 8.5 فیصد ہے جب کہ بلوچستان سے 257 واقعات رپورٹ ہوئے جو کہ 5 فیصد ہے۔ رپورٹ میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ 5 برس کے دوران 2019 سے 2023 میں رپورٹ ہونے والے واقعات میں 220 فیصد اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

ہے کہ شہر میں آج رات تک دھرنے ختم نہ ہوئے تو قانون کے مطابق سڑکیں خالی کرائیں گے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ احتجاج کے نام پر پورے شہر کو بند کرنا مناسب نہیں، کراچی کے شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جو نہیں ہٹے گا اس کو قانون کے مطابق ہٹائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم رات تک ان سے مذاکرات کرتے رہے ہیں، مذہبی جماعت کے علما نے بھی کہا ہے کہ سڑک بند نہیں ہونی چاہیے، پورے شہر کے نظام کو احتجاج کے نام پر مفلوج کرنا ٹھیک نہیں، کراچی کے شہریوں کو ریلیف دیں گے، تین دن سے انہوں نے بہت بھگتا ہے۔ کراچی پولیس چیف نے کہا کہ کسی نے سڑک بند کرنے اور قانون کو ہاتھ میں لینے کی کوشش کی تو سختی سے نمٹیں گے، ہم یہ واضح پیغام دیتے ہیں کہ ہمیں ہدایات ملی ہیں، اب تک ہم نرمی کے ساتھ بات کرتے رہے ہیں، افسران کو ہدایات دے دی ہیں اب ہم سختی کریں گے۔ کراچی پولیس ترجمان نے دھرنوں کے حوالے سے اپنے چیف کے بیان کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ دھرنے ختم نہیں کروائے جائیں گے۔ ترجمان کراچی پولیس نے اپنے بیان میں کہا کہ پولیس چیف جاوید عالم اوڈھو کا دھرنے ختم کروانے کا سوشل میڈیا پر زیر گردش حکم درست نہیں اور ان کے بیان کو دھرنوں کے خاتمے سے جوڑنا بے بنیاد اور غلط فہمی کا شاخسانہ ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

کا نام ایف آئی آر میں نہیں تھا، ایف آئی آر میں مخصوص دہشت گردی کا واقعہ شامل نہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کیس میں مفرور تھے، رواں سال اپریل میں گرفتار کیا گیا تھا، مقدمہ 2019 میں درج کیا گیا تھا، ملزمان کو مقدمے میں گرفتار ملزمان کے انکشافات پر گرفتار کیا گیا تھا۔ کیس میں محمد حیدر اور مہتاب عرف چھٹو پہلے ہی بری ہو چکے ہیں، ملزمان فنڈنگ کیلیے اپنی بیویوں کے اکاؤنٹ استعمال کرتے تھے، مقدمہ سی ٹی ڈی نے درج کیا گیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

پائیدار ترقی کیلئے حکومت کو سیاسی استحکام اور سائبر سیکیورٹی ریگولیشنز میں توازن قائم کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار ملک کے معاشی ماہرین نے یہاں پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی کے زیر اہتمام 2024 کے معاشی منظرنامے کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ایس ڈی پی آئی کے ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر شفقت منیر نے سیمینار کا آغاز کرتے ہوئے حکومت کے اعتماد میں اضافے اور معیشت کی بحالی پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے وزیر خزانہ کی حالیہ پریس کانفرنس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 2023 کے معاشی بحران کے بعد کسی حد تک مثبت تبدیلی کے اشارے ملے۔ ایس ڈی پی آئی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر عابد قیوم سلہری نے شرکا کو خوش آمدید کہتے ہوئے معاشی کارکردگی کا تجزیہ پیش کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

حکومت ہے، مگر احتجاج کراچی میں کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کی آڑ میں تمام اہم مقامات بند کر کے کراچی کے شہریوں کو مشکل میں ڈالا ہوا ہے، ایم ڈبلیو ایم وزیراعلی کے پی کے سامنے احتجاج کی بجائے کراچی میں احتجاج کر رہی ہے۔ مرتضی وہاب نے کہا کہ کمشنر کراچی اور ایڈیشنل آئی جی نے نمائش پر ایم ڈبلیو ایم کے رہنماں سے بات کی ہے لیکن وہ بات سننے کو تیار ہی نہیں ہیں، سندھ حکومت بات چیت سے معاملہ حل کرنا چاہتی ہے۔ میئر کراچی نے کہا کہ سڑکیں بند کرنے سے ٹارگٹ پورا نہیں ہوتا، ملک میں کچھ بھی ہوتا ہے تو احتجاج کراچی میں ہوتا ہے، پورا شہر بند ہو جاتا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

وی ڈی میں سال 2024 کے دوران بڑوں کی 1,702 جب کہ بچوں کی 1,450 اوپن ہارٹ سرجری ہوئیں۔ این آئی سی وی ڈی نے سال 2024 کی کارکردگی رپورٹ جاری کی ہے، ترجمان نے کہا کہ این آئی سی وی ڈی مفت میں دل کے بائی پاس آپریشنز اور پرائمری انجیو پلاسٹی کرنے والا دنیا کا سب سے بڑا کارڈیک اسپتال بن چکا ہے۔ قومی ادارہ برائے امراض قلب (این آئی سی وی ڈی) کے 2024 کے دوران آپریشنل اعداد و شمار سے یہ واضح ہوتا ہے کہ این آئی سی وی ڈی دنیا کی سب سے بڑی مفت کارڈیک کیئر فراہم کرنے والی سہولت بن چکا ہے، جس میں اوپن ہارٹ سرجریز، پرائمری پرکیوٹینیئس کورونری انٹروینشنز (PCIs) اور دیگر پروسیجرز شامل ہیں۔ سال 2024 میں NICVD کراچی نے 13 لاکھ سے زائد مریضوں کو جدید کارڈیک کیئر کی خدمات فراہم کیں، اور یہ سب خدمات مکمل طور پر مفت تھیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 49

نیوز کے مطابق کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ احتجاج کے نام پر پورے شہر کو بند کرنا مناسب نہیں، کراچی کے شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جو نہیں ہٹے گا اس کو قانون کے مطابق ہٹائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم رات تک ان سے مذاکرات کرتے رہے ہیں، مذہبی جماعت کے علما نے بھی کہا ہے کہ سڑک بند نہیں ہونی چاہیے، پورے شہر کے نظام کو احتجاج کے نام پر مفلوج کرنا ٹھیک نہیں، کراچی کے شہریوں کو ریلیف دیں گے، تین دن سے انہوں نے بہت بھگتا ہے۔ کراچی پولیس چیف نے کہا کہ کسی نے سڑک بند کرنے اور قانون کو ہاتھ میں لینے کی کوشش کی تو سختی سے نمٹیں گے، ہم یہ واضح پیغام دیتے ہیں کہ ہمیں ہدایات ملی ہیں، اب تک ہم نرمی کے ساتھ بات کرتے رہے ہیں، افسران کو ہدایات دے دی ہیں اب ہم سختی کریں گے۔